آپ کے نام میں جو حروف ہیں ان سے اپنی حقیقت کو سمجھئے

عِلمُ الحُروف

حروف کی حقیقت، اصلیت، قوت اور روحانیت
کے موضوع پر ایک عظیم الشان کتاب

موکل تابع کرنے کے
حیرتناک طریقے

مرتب
حسن الہاشمی

مکتبہ رُوحانی دُنیا دیو بند

باسمہٖ تعالیٰ

عِلم الحروف

حروف کی حقیقت، جاذبیت، روحانیت اور قوت
کو ظاہر کرنے والی ایک عظیم الشان کتاب

مُرتّب

مولانا حسن الہاشمی

شائع کردہ
مکتبہ روحانی دنیا دیوبند
(یو پی) پن ۲۴۷۵۵۴

نام کتاب ـــــ علم الحروف

نام مصنف ـــــ مولانا حسن الہاشمی ایڈیٹر ماہنامہ طلسماتی دنیا دیوبند

نام خطاط ـــــ مولانا نیاز الدین اصلاحی

نام مصحح ـــــ عمر فاروق عثمانی

سرورق ـــــ دانش عامری

باہتمام ـــــ ابوسفیان عثمانی

اشاعت اول ـــــ گیارہ سو

صفحات ـــــ ١٥٢

قیمت ـــــ ٤٥ روپے

ناشر

مکتبہ روحانی دنیا دیوبند

(یو،پی) پن ٢٤٧٥٥٤

کل اعداد حروف قرآن مجید ـ

٣٣٧٥١٦

انتساب

رب العالمین کے نام

جس نے صرف ٢٨ حروف میں

دنیا کی تمام حقیقتوں کو سمیٹ کر

رکھ دیا ہے

حسن الہاشمی

فہرست مضامین

حروف کی خصوصیات

حروف کی دعوت اور چلہ کشی کے طریقے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علم الحروف

الف

تمام حروف میں سب سے پہلا حرف الف ہے۔ جس طرح کل حروف ۲۸ ہیں۔ اسی طرح کل ابجدیں بھی ۲۸ ہیں۔ اور ہر ابجد الف سے شروع ہوتی ہے۔ حق تعالیٰ نے حرف الف کو خصوصی عظمت عطا کی ہے۔ اور اس حرف کو تمام حروف کا امام بنا کر ایک خاص مرتبہ اُسے عطا کیا ہے۔ چنانچہ اس کائنات کے سب سے پہلے بشر کا نام بھی الف ہی سے تھا۔ حضرت آدم علیہ السّلام کا نام الف سے شروع ہوتا ہے۔ خود باری تعالیٰ کا ذاتی نام "اللہ" بھی الف ہی سے شروع ہوتا ہے۔ اس کائنات میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء مبعوث ہوئے ہیں۔ اُن میں آدمؑ کے بعد دو پیغمبروں کو خصوصی مرتبہ عطا ہوا۔ ان میں سے ایک خلیل اللہ کی ذاتِ اقدس ہے۔ جن کا نام ابراہیمؑ تھا۔ اور یہ نام بھی الف سے شروع ہوتا ہے۔ دوسری ذاتِ اقدس رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے جن کا ذاتی نام احمدؐ ہے اور یہ نام بھی الف سے شروع ہوتا ہے۔

قرآن حکیم جو آسمانی کتابوں میں آخری کتاب ہے۔ اس کی شروعات بھی الف ہی سے ہوتی ہے۔ اس طرح کے ہزاروں حقائق سے یہ بات ثابت

ہوتی ہے کہ خالقِ کائنات نے حرف الف کا ایک خاص مقام اور مرتبہ مقرر کیا ہے۔ اگر کوئی اہل دل الف کے اسرار سے واقف ہو جائے تو پھر اُسے دین و دُنیا کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

الف کے اس درجہ رموز اور فوائد بزرگوں نے نقل کیے ہیں کہ ان سب کو بیان کرنا بھی ممکن نہیں ہے۔ لیکن ان میں سے چند فوائد جو ہم اپنے قارئین کے لئے نقل کریں گے وہ دنیاوی فوائد حاصل کرنے کے لئے بہت زیادہ ہیں۔

حرف الف کی روحانیت سے استفادہ کرنے کیلئے سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ حرف الف کی زکوٰۃ ادا کی جائے۔ اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند جب منزلِ شرطین یا بُرج حمل میں داخل ہو تو اس وقت زکوٰۃ کی شروعات کی جائے۔ اور عمل کے لئے مکمل تنہائی کی جگہ کا تعین کیا جائے ستاروں کی بخورات کا لحاظ رکھتے ہوئے عمل شروع کیا جائے عمل کی تعداد ۱۳۳۰ مرتبہ یا ۴۴۴۴ مرتبہ ہونی چاہیئے۔ گویا کہ کم سے کم ۱۳۳۰ مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔

عمل اس طرح پڑھیں۔ یا الف بحق اللہ۔ بحرمت یا اسرافیل۔

اس عمل کو جو بہ نیت زکوٰۃ ۲۸ دن تک لگاتار پڑھنا ہے۔ ۲۸ دن میں انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ۱۱۱ مرتبہ روزانہ اس عمل کو پڑھنا چاہیئے۔ دورانِ عمل کسی طرح کا پرہیز نہیں ہے۔ البتہ نماز پنج گانہ کی پابندی ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ عامل اپنے اعضاء اور اپنی زبان کو لایعنی باتوں اور گناہ کے کاموں سے محفوظ رکھے۔ اور اپنا اکثر وقت ذکر و فکر میں گذارے۔ حرف الف کی خصوصیت یہ ہے

کہ اسی حرف سے حق تعالیٰ کے ذاتی نام کی شروعات ہوتی ہے اس کا مکتوبی عدد ایک ہے اور ملفوظی اعداد ۱۱۱ ہیں۔ اس نام سے حق تعالیٰ کے صفاتی ناموں کا آغاز ہوتا ہے۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۴۸۸۷۲ مرتبہ ہوا ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد جب کوئی مہم درپیش ہو۔ تو سفید کاغذ پر زعفران سے ایک نقش تحریر کرو۔ اس طرح کہ پیشانی پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ لکھو۔ چاروں طرف تین سو الف لکھو گویا کہ ۱۲ سو مرتبہ کل تعداد ہونی چاہیئے۔ دائرے سے باہر ہر دو جانب ۳۲،۳۲ اور ایک جانب ۶۴ مرتبہ الف لکھو۔ کُل تعداد چاروں طرف کی ۱۲۸ ہوئی۔ درمیان میں اپنا مطلب لکھو۔ پھر اس نقش کو وسطِ قرآن میں رکھکر قرآن حکیم کو سبز جزدان میں محفوظ کر کے گھر میں کسی اونچی جگہ رکھو۔ ۱۱ دن میں انشاءاللہ مراد پُوری ہوگی۔ نقش کی صورت یہ ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الف ۳۰۰ مرتبہ

الف ۳۲ مرتبہ — الف ۳۰۰ مرتبہ — الف ۳۰۰ مرتبہ — الف ۳۲ مرتبہ

الف ۳۰۰ مرتبہ

الف ۶۴ مرتبہ

جو شخص حرف الف کو اس طرح زعفران سے لکھکر اپنے پاس رکھیگا اس کو ہر طرح کے امراض سے نجات ملے گی۔ بالخصوص بخار سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

لکھنے کی صورت یہ ہوگی۔

۷۸۶

الف

بحقِ اسرافِیل

اگر کوئی شخص گلاب و زعفران سے ایک سو گیارہ مرتبہ الف کاغذ پر لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو جو بھی اس شخص سے ملے گا وہ مرعوب ہوگا۔

اگر کسی حاملہ کی بائیں ران پر بوقتِ ولادت الف اس طرح تین تین مرتبہ لکھکر باندھ دیا جائے تو بچّہ بآسانی پیدا ہوگا۔ کاغذ اس وقت باندھا جائے جب پیدائش کا درد شروع ہو جائے۔

اس طرح لکھیں۔

۱۱۱	۱۱۱

اگر کسی شخص کو سخت نظر ہو۔ خواہ وہ نظر انسان کی ہو یا جن کی مندرجہ ذیل نقش بنا کر روزانہ عصر کے بعد اس نقش سے مریض کو دھونی دی جائے۔ انشاء اللہ، روز میں نظرِ بد دور ہوگی۔ اور انشاء اللہ پھر یہ شکایت نہیں ہوگی۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

ف	ل	ا
ا	ف	ل
ل	ا	ف

جو شخص صبح کو بستر سے اٹھتے ہی ایک ہزار مرتبہ الف پڑھے۔ تو چند ماہ ہی میں مالدار بن جائے گا۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے روزی کے دروازے ایسی ایسی جگہ سے کھل جائیں گے۔۔ جو وہم و گمان میں بھی نہیں ہوگا۔

جب قمر و بال یا ہبوط میں ہو تو ایک دائرہ کھینچ کر دائرے کے اندر دشمن کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ اور دائرے کے باہر الف کو ۱۱۱ مرتبہ لکھیں پھر دائرے کے چاروں طرف الف ۱۱۱ مرتبہ لکھکر اس تختی کو کسی پرانی قبر میں دبا دیں تو دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

یہ بات یاد رکھیں کہ اس طرح کے اعمال اس وقت کریں جب کوئی شخص حد سے زیادہ ظالم ہو اور اس کے ظلم و ستم سے بچنے کی کوئی دوسری تدبیر باقی نہ رہی ہو۔ بہتر تو یہ ہے کہ اس طرح کے عمل سے پہلے کسی مفتی یا عالمِ دین سے مشورہ کریں۔ اور ناحق کسی کو پریشان کر کے اپنی آخرت تباہ نہ کریں۔

اپنے محبوب سے وصال کیلئے حرف الف کو ۱۱۱ مرتبہ لکھکر اپنے محبوب اور اس کی والدہ کے نام اور اپنے اور اپنی والدہ کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ چند دن میں محبوب مہربان ہوگا۔ اس عمل کو اتوار کے دن ساعتِ شمس میں کریں۔ اور کاغذ پر ۱۱۱ مرتبہ الف لکھکر دم کر دیں۔

الف کے مؤکّل کی تسخیر

۲۸ دن کا چلّہ کریں اور ہر فرض نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ الف پڑھیں۔ اور رات کو گیارہ ہزار مرتبہ الف پڑھیں۔ اور ایک بڑے سے کاغذ پر الف

لکھ کر اپنے سامنے رکھیں۔ جس روز مؤکل ظاہر ہوگا پورا کمرہ منور ہو جائے گا۔ مؤکل سے عہد و پیمان کر دیں۔ عمل سے پہلے روزانہ یہ اضمار پڑھیں۔

اَجِبْ اَیُّهَا الْمَلِكُ هَطْمَطْهَیَا تِیْلُ۔ بَطْیَا ئِیْلُ الرَّئِیْسُ الْاَکْسِیْرُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا مَنْ لَهُ الْعَظَمَةُ وَالْمَجْدُ وَالْکِبْرِیَاءُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ۔ یَا رَبَاهُ یَا رَبَاهُ یَا رَبَاهُ یَا هُوَ یَا سَیِّدَاهُ اَسْئَلُكَ السِّرَّ الْاَعْظَمَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ رُوْحَانِیَتَكَ وَ اَلْبِسْنِیْ بِهَا نُوْرًا وَجَمَالًا وَقَبُوْلًا وَ اَهَبْنِیْ سِرًّا مِنْ اَسْرَارِ الْاَلِفِ۔ اَصْرِفْهُ فِیْمَا اُرِیْدُ اَیُّهَا الْحَرْفُ الْمُتَحَرِّكُ مِنَ الْیَقْظَةِ وَالتَّلَقِّیْ بِشَرْفِ اِسْمِكَ وَمَا النَّارُ وَالنُّوْرُ وَالظِّلُّ وَالْحَرُوْرُ وَمِمَّا قَبْلَ بِالنَّهَارِ وَبِمَا اَخْرَجَهُ الْقَدِیْمُ مِنْ قَدِیْمٍ وَبِسِرِّ مَا وَضَعْتَ فِی اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ۔ مِنَ الْعِلْمِ مَنْشَاءُ الْاُمُوْرِ لِمَدَادُ لَفَ الْاَلِفِ وَ بِاَمْرِكَ النَّافِذِ بِکَلِیْلِیَا وَمَلِیَالِیَا۔ طَلِیَا وَهَلِیَا وَمَرْیَا وَثَبَا وَهَثْیَا۔ وَ بِاَلِفِ الْاَهْرِ وَبِحَقِّ اَهْیًا اَشْرَاهِیًا اَذُوْنَائِیْ اَصْبَاؤُتَ اٰلِ شَیْدَ اٰئیْ وَالْاَمْرُ الْعَظِیْمُ اَبُوالرَّئِیْسُ الْاَکْسِیْرُ هَطْهَلْفِیَائِیْلُ اَنْ تَتَوَکَّلُوْا۔ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلْوَحَا۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف ہو وہ مندرجہ ذیل نقش کو اسوقت لکھیں جب چاند منزلِ شرطین میں ہو۔ اور لکھنے کے بعد اس پر اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھکر دم کر دیں اور اسکو سیدھے بازو پر باندھ لیں انشاء اللہ تمام مقاصدِ حسنہ میں کامیابی ملے گی۔ اسرافیل

نقش یہ ہے

اسرافیل ۷۸۶ اسرافیل

۲۰	۳۴	۳۰	۲۷
۳۱	۲۶	۲۱	۳۳
۲۵	۲۸	۳۶	۲۲
۳۵	۲۳	۲۴	۲۹

اسرافیل بحق یا اللہ اسرافیل

ب

حرف با کو خاموش اور طبعاً خشک اور ٹھنڈا کہا جاتا ہے۔ مراتبِ خاکی میں اس کا پہلا درجہ ہے۔ سنیچر کا دن اس کے لئے مخصوص ہے۔ اس کا ستارہ زحل ہے۔ مؤکل کا نام جبرائیل ہے۔ اعداد مکتوبی ۲ ہیں۔ اور ملفوظی ۳ ہیں۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۶ صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ البارِی اَلْبَاسِطُ، اَلْبَاعِثُ، اَلْبَاطِنُ، اَلْبَرُّ، اَلْبَدِیْعُ۔

اس حرف کی زکوٰۃ ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھکر اس وقت ادا کریں جب قمر منزلِ بطین میں ہو۔ یہ چاند کی دوسری منزل ہے۔

اگر زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اَجِبْ یَا جبرائیل بحق با۔

قرآن حکیم میں یہ حرف ۱۱۲۲۸ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔

حرف با کو خاموش اور طبعاً خشک اور ٹھنڈا کہا جاتا ہے۔ مراتب خاکی میں اس کا پہلا درجہ ہے۔ سنیچر کا دن اس کے لئے مخصوص ہے۔ اس کا ستارہ زحل ہے۔ مؤکل کا نام جبرائیں ہے۔

اگر کوئی شخص سنیچر کے دن حرف با کو اس طرح ب ب ب ب ب سیسے کی تختی پر لکھ دے اور اس کے نیچے قیدی کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھ دے۔۔ اور مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر اس تختی پر دم کر دے تو اللہ کے فضل و کرم سے قیدی کی رہائی کا فیصلہ ہو جائے۔

عزیمت یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ یَا رَبُّ یَا بَدِیْعُ یَا بَاسِطُ یَا بَاقِیُ یَا بَاعِثُ یَا بَرُّ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفُ الْبَاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَ الْاَنْوَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلٰٓئِكَتَكَ خُدَّامِ هٰذِهِ الْحُرُوْفِ فِیْمَا اَمَرْهُمْ بِهٖ مِمَّا لَكَ فِیْهِ رِضَاءً اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؕ

● جو بچہ کم بولتا ہو یا صاف نہ بولتا ہو تو ۶۰ مرتبہ ب لکھکر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد وہ صاف بولنے لگے گا۔

● رزق کی فراوانی کے لئے دس سطروں میں ۱۰۰ مرتبہ ب لکھ کر دکان میں ٹانگیں۔ انشاء اللہ رزق کی فراوانی ہو جائے گی۔

● اگر گھر میں خیر و برکت اور روزی کی زیادتی کے لئے اس نقش کو لکھکر گھر میں آویزاں کریں تو زبردست فائدہ ہوگا۔ اور خوب برکت ہوگی اور خوب رزق ملے گا۔

نقش یہ ہے۔

ب	ب	ب
ب	ب	ب
ب	ب	ب

● اگر ہرن کی جھلی پر حرف ب کو دو سو مرتبہ لکھکر کسی قیدی کے دائیں بازو پر بندھوا دیں تو اس کو بہت جلد قید سے رہائی نصیب ہو جائے۔

● اگر گیدڑ کے دباغت شدہ چمڑے پر ایک ہزار مرتبہ حرف با کو زحل کی ساعت میں لکھ دیں۔ اور اس کے نیچے دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھ دیں اور پھر اس چمڑے کو زحل ہی کی ساعت میں دشمن کے گھر میں دفن

کر دیں تو بہت جلد وہ وہاں سے دفع ہو جائے گا اس طرح کے اعمال جب کریں جب دشمن کی ریشہ دوانیاں حد سے زیادہ بڑھ گئی ہوں۔ اور اس کے ظلم و ستم سے ناک میں دم ہو گیا ہو۔ خواہ مخواہ کسی کو پریشان کرنا جائز نہیں ہے۔

● اگر کوئی شخص ۱۹ مرتبہ حرف ب کو لکھ کر اُن کے نیچے وہ اسماءِ الٰہی لکھ دے جو حرف ب سے شروع ہوتے ہیں۔ پھر اس کاغذ کو تعویذ بنا کر دائیں بازو پر باندھ لے تو رزق میں فراوانی ہو جائے۔

● اگر حرف ب کو ۱۹ مرتبہ لکھکر یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۳ مرتبہ لکھکر اپنے بازو پر باندھ لے تو تمام مشکلات سے نجات مِلجائے

محبّت و قبولیت کے لئے چاند کی ۷ تاریخ سے ۱۴ تاریخ تک چاند کی طرف منہ کرکے ۱۹ مرتبہ حرف ب کو لکھیں۔ اور ۱۶ مرتبہ اس کی اضمار لکھیں۔ اور لکھتے وقت یہ پڑھیں۔ اَجِبْ یَا خُدَّام حَرْفُ الْبَاءِ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ پھر ختم عمل پر چاند کو سلام کرکے اپنے ہاتھ اپنے منہ پر پھیر لیں۔ اور لکھے ہوئے کو پانی میں گھول کر پی لیں۔ زبردست مقبولیت ملے گی۔ اور اللہ کے فضل سے دُنیا گرویدہ ہو جائے گی۔

اضمار یہ ہے۔

اَجِبْ یَا خَادِمُ حَرْفُ الْبَاءِ الشَّدِیْدِ حرھائیلِ بلیسَ لیح هلیجِ ذو النّورِ الْاَمِعِ ذی لِالَاءِ وَ الْكِبْرِیَاءِ۔

جن حضرات نے حروفِ تہجی کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہو۔ اُن حضرات کے لئے "علم الحروف" کے عملیات میں خاص تاثیر ہوتی ہے اور بتائج اللہ کے فضل سے فوراً برآمد ہوتے ہیں۔

جن حضرات کا نام ب سے شروع ہو۔ وہ اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لیں اور لکھنے کے بعد سو مرتبہ بَدِیۡعُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ پڑھکر اس پر دم کر لیں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ محسوس کریں گے۔

٧٨٦

جبرائیل — جبرائیل

ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب

جبرائیل — بحق یَا بَاسِطُ — جبرائیل

ت

یہ حرف مزاج کے اعتبار سے بادی ہے۔ اس حرف کے اعداد مکتوبی ٤٠٠ ہیں اور اعدادِ ملفوظی ١٠٤١ ہیں۔ اس کے مؤکل کا نام عزرائیل ہے۔ اس حرف کی زکوٰۃ ٤٤٤٤ مرتبہ پڑھکر اس وقت ادا کرنی چاہیئے جب قمر منزلِ ذابح میں ہو۔ یہ چاند کی ٢٢ ویں منزل ہے۔ یہ حرف قرآن حکیم میں ١٠١٩٩ جگہ استعمال ہوا ہے۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام شروع ہوتا ہے۔ التَّوَّابُ۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اَجِبۡ یَا عزرائیل بحقّ تا، پڑھنے کی تعداد ٤٤٤٤ مرتبہ ہی رہے گی۔

اگر اس حرف کو شیر کے دباغت شدہ چمڑے پر ہفتے کے دن مریخ کی ساعت میں ایک مثلث تیار کرے اور اس میں اس حرف کو ٥٩ مرتبہ

لکھے۔ اس نقش کو اگر کسی قیدی کے باندھ دیا جائے تو اللہ کے فضل سے وہ قیدی رہا ہو جائے۔

اگر کوئی شخص اس حرف کو ریشم کے کپڑے پر نیلی روشنائی سے چار سو مرتبہ لکھکر اپنے پاس رکھے تو مخلوق کی نظروں میں مقبول ہو جائے۔

اگر چالیس روز تک کوئی ایک وقت مقرر کر کے کوئی شخص ٤٠٠ مرتبہ اس حرف کا ورد کر لے تو فتوحات کے دروازے کھل جائیں۔

اگر کوئی شخص اس حرف کا نقش تانبے پر کندہ کرا کے اپنے گلے میں ڈال لے تو کبھی دریا میں غرق نہ ہو اور اس کا مال تمام آفات سے محفوظ رہے۔

نقش اس طرح تیار کریں۔

٧٨٦

ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت

٤٠٠ — ٤٠٠ — ٤٠

اگر اس حرف کو چار ٹھیکریوں پر چار چار مرتبہ لکھ کر ان ٹھیکریوں کو کھیت کے چاروں کونوں پر دبا دے تو اس کھیت کی پیداوار میں زبردست اضافہ ہو جائے۔ اور وہ کھیت یا باغ تمام آفات سے محفوظ رہے۔ اگر اس حرف کو چار سو مرتبہ سنگِ مقناطیس پر لکھ کر کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو جو بھی اسے دیکھے گا۔ اس پر مہربان ہو جائے گا۔ ایک عجیب و غریب قسم کی تسخیر اُسے نصیب ہو گی اور مخلوق کی نظروں میں اس کا مقام بہت بلند ہو جائے گا۔

● کسی کی زبان بند کرنے کے لئے حرف ت کو مٹی کی ٹھیکری پر ۳۰ مرتبہ لکھکر یہ لکھدیں۔ زبان بند کردم فلاں ابن فلاں فی حق فلاں ابن فلاں اور اس ٹھیکری کو کسی قبرستان میں دفن کردیں انشاء اللہ زبان بند ہوگی۔

اگر کسی شخص کو خواب میں احتلام بہت ہوتا ہو تو وہ اس طرح ایک نقش تیار کرے اور اس کو اپنے تکیے میں سلوالے انشاء اللہ احتلام کی بیماری سے محفوظ ہوجائے گا۔

۷۸۶

ت ت ت ت ت ت ت ت

۴۰۰ تبارك الذی بیدہ الملك ۴۰۰

۴۰۰ ۴۰۰

۴۰۰ وھو علی کل شیئ قدیر ۴۰۰

۴۰۰ ۴۰۰

ت ت ت ت ت ت ت ت

اگر کسی سے مکان خالی کرانا ہو تو اس حرف کو ۴۰۰ مرتبہ اس طرح سیسے کی پلیٹ پر لکھیں کہ ہر سطر میں چاروں طرف ۱۰۰ مرتبہ لکھا جائے اس طرح نقش کی سی صورت بن جائے گی۔ درمیان میں اس شخص کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے لکھیں جو مکان پر قابض ہو۔ پھر اس پلیٹ کو مقبوضہ مکان میں دفن کرادیں یا کسی پتھر وغیرہ کے نیچے دبادیں۔ انشاء اللہ بہت جلد قابض مکان خالی کر کے چلا جائے گا۔

اگر کچھوے کی پشت کا پیالہ بنا کر اس حرف کو ۴۰ مرتبہ اس میں لکھیں پھر اس میں پانی ڈال کر پئیں تو معدے کے تمام امراض سے نجات ملجائے۔

زبان بندی کیلئے اس حرف کا نقش اس طرح بنائیں کہ ۴۰ مرتبہ کاغذ پر اس نقش کو ۴ سطروں میں لکھیں اور نیچے اس شخص کا نام اس طرح لکھیں۔

زبان بند کردم فلاں ابن فلاں فی حق فلاں ابن فلاں، پھر اس نقش کو کسی بھی قبرستان میں دفن کردیں۔ مذکورہ شخص کی زبان بند ہوجائے گی۔ اور ایک حرف ناروا بھی زبان پر اس کی نہ آسکے گا۔

اگر حرف تا کو ایک ہزار مرتبہ مشک و زعفران سے کوئی شخص شرفِ قمر میں لکھکر اپنے بازو پر باندھ لے تو کل مخلوقات مسخر ہوجائیں اس حرف کا یہ نقش تمام امراض میں اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کو بادی چال سے پُر کرنا چاہیئے۔

اجھزط

اجب یا عزرائیل بحق تا

۹۵	۱۰۱	۹۸	۱۰۶
۱۰۷	۹۷	۱۰۴	۹۲
۱۰۲	۹۴	۱۰۵	۹۹
۹۶	۱۰۸	۹۳	۱۰۳

اجب یا عزرائیل بحق تا

اجب یا عزرائیل بحق تا

اجب یا عزرائیل بحق تا

اگر حشرات الارض پریشان کرتے ہوں۔ مثلاً سانپ، بچھّو، کھٹمل، مچھّر، پسّو، چیونٹی وغیرہ۔ تو اس حرف کے اعداد ملفوظی ۴۰۱ لیکر اس میں ۷۳۴ شامل کر کے مثلّث خاکی چال سے تیّار کر کے اس کو گھر میں دفن کردیں۔ انشاء اللہ کیڑے مکوڑوں سے نجات مل جائے گی۔ اس نقش کے اوپر ۷۸۶ کے بجائے اجھزط لکھ دیں اور نقش کی ۳ سائڈوں میں اجب یا عزرائیل بحق تا۔ تحریر کردیں۔

● ۔ اگر کوئی شخص فرار ہوگیا ہو۔ تو اس کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد نکا کر اس میں چار سو شامل کر کے مثلّث کی نقش

تیار کریں۔ اور اس کو اس شخص کے فوٹو پر لکھدیں۔ اگر فوٹو نہ ہو تو سادے کاغذ پر لکھدیں۔ اور نقش کے نیچے یہ عبارت لکھدیں۔

اس نقش کی برکت سے فلاں ابن فلاں واپس آجائے نقش کے چاروں کونوں پر" یا عزرائیل لکھدیں۔ اور نقش کے نیچے" بِحَقِّ یَا تَوَّابُ "، لکھدیں۔ اور اس کو مفرور کے گھر میں دبا دیں۔

فوٹو نہ ہونے کی صورت میں جس کاغذ پر نقش بنائیں اس کاغذ پر دائرہ کھینچ کر اس کے اندر اس شخص کا نام اور اس کی والدہ کا نام اس طرح لکھدیں تو بہتر ہے۔

فلاں ابن فلاں

فوٹو ہونے کی صورت میں فوٹو کی پُشت پر وہ نقش لکھدیں جس کا ذکر کیا گیا۔ فوٹو نہ ہونے کی صورت میں فوٹو کے قائم مقام اس دائرہ کو اور اس کے اندر کی عبارت فلاں ابن فلاں کو سمجھیں۔

جس کے نام کا پہلا حرف "ت" ہو وہ اس نقش کو لکھکر اس پر تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ○ سو مرتبہ پڑھکر دم کردے۔ پھر اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ خوب خیر و برکت اور حفاظت ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

عزرائیل ۷۸۶ عزرائیل

۹۵	۱۰۱	۹۸	۱۰۶
۱۰۷	۹۷	۱۰۴	۹۲
۱۰۲	۹۴	۱۰۵	۹۹
۹۶	۱۰۸	۹۳	۱۰۳

عزرائیل بحقِ یا توّابُ عزرائیل

یہ ابجدِ قمری کا ۲۳ واں حرف ہے۔ اس کے اعداد مکتوبی پانچ سو اور اعداد ملفوظی ۵۰۱ ہیں۔ اس حرف کے مؤکل کا نام میکائیل ہے۔ اس حرف کی زکوٰۃ اس وقت ادا کریں جب قمر منزل بلعہ میں ہو یہ چاند کی ۲۳ ویں منزل ہے۔ اس حرف کو ۴۴۴ مرتبہ پڑھیں۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اَجِبْ یا میکائیل بحق ثا۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کا صفاتی نام ثابت شروع ہوتا ہے۔ یہ نام اگرچہ اسماءِ حسنیٰ میں شامل نہیں ہے۔ لیکن اکابرین کی تحقیق کے مطابق یہ نام بھی اسمِ الٰہی ہے قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۱۲۷۶ مرتبہ ہوا ہے۔ اس کا مزاج آبی اور مؤکل کا نام میکائیل ہے۔

- اگر اس حرف کو پانچ سو مرتبہ لکھکر کسی بچے کے تکیے میں سلوادیں تو وہ سوتے وقت نہیں ڈرے گا۔
- اگر اس حرف کو تین سو مرتبہ لکھکر کوئی کسی بڑے آدمی کے گلے میں ڈال دیں تو وہ بُرے اور ڈراؤنے خوابوں سے محفوظ ہو جائے گا۔
- اگر کسی تختی پر موم اور کافور سے ۵۷۹ مرتبہ اس حرف کو لکھکر اور اپنے مالک کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھکر کنوئیں میں ڈال دیں تو کنواں کبھی خشک نہیں ہوگا ــــــ اور نہ ہی پانی کبھی خراب ہوگا۔
- اگر اس حرف کا نقش چاندی کی تختی پر کندہ کراکر بچے کے گلے میں ڈال دیں تو بچہ چیچک اور خسرہ سے محفوظ رہے گا۔

نقش یہ ہے۔

● ۔اگراس حرف کو چاندی کی تختی پر کندہ کراکر کسی جگہ یا کسی برتن میں رکھ دیں اور اس میں پانی بھر لیں اور صبح و شام اس کا پانی کسی مریض کو پلادیں ——— تو وہ مریض انشاءاللہ تندرست ہوجائیگا

● ۔بدخوابی سے بچنے کے لئے حرف ث کو پچاس مرتبہ لکھکر اپنے تکیہ میں سلوالیں۔انشاءاللہ تعالیٰ بدخوابی سے نجات مل جائے گی۔

● ۔اس حرف کا نقش ہر قسم کے ڈر سے محفوظ رکھتا ہے اور انسان کے اندر عجیب طرح کا حوصلہ پیدا کرتا ہے۔

مزاج کے اعتبار سے چوں کہ یہ حرف آبی ہے۔اس لئے اس کے نقش کو ہر مریض کے لئے آبی ہی چال سے لکھنا چاہیئے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۱	۱۱۷	۱۲۴	۱۲۸
۱۲۳	۱۲۹	۱۳۰	۱۱۸
۱۲۶	۱۲۲	۱۱۹	۱۳۳
۱۲۰	۱۳۲	۱۲۷	۱۲۱

اجب یا میکائیل بحق ثا

● ۔اگر ث کو کسی شخص کے نام کے ساتھ ملا کر یکے بعد دیگرے

یعنی ایک حرف طالب کے نام کا، ایک حرف مطلوب کے نام کا اور پھر اس طرح لکھکر اور سات مرتبہ حرف ثا کو پڑھکر ایک مرتبہ یہ کہے ——— اے خدام حرف ثا فلاں ابن فلاں کو میرے پاس پہنچادو۔ پھر اس تعویذ کو کسی پھل دار درخت پر لٹکادیں تو مطلوب بہت جلد طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔

یہ عمل صرف پیر کے دن کرنا چاہیئے۔اور عروج ماہ میں کرنا چاہیئے۔ بشرطیکہ چاند عقرب میں نہ ہو۔

حرف ثا سے متعلق جتنے بھی اعمال ہیں۔ان میں دھونی کا طریقہ یہ ہے کہ لہسن کے بیج سرکہ میں ڈال دیئے جائیں۔پھر ۲۴ گھنٹے کے بعد انھیں نکال کر سکھالیں ——— اور دورانِ عمل ان بیجوں کو جلتے ہوئے کوئلوں پر ڈال کر دھونی لیں۔

حرف ثا کے اعمال اس وقت بہت جلد اپنا اثر دکھادیتے ہیں۔ جب سورج برج عقرب میں ہو۔

جس شخص کا نام "ث" سے شروع ہوتا ہو وہ اس نقش کو لکھ کر اس پر سو مرتبہ یہ آیت رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ پڑھکر دم کردے پھر اس نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔انشاءاللہ تمام مقاصد میں کامیابی ملے گی۔

نقش یہ ہے

میکائیل ۷۸۶ میکائیل

۱۳۱	۱۱۷	۱۲۴	۱۲۸
۱۲۳	۱۲۹	۱۳۰	۱۱۸
۱۲۶	۱۲۲	۱۱۹	۱۳۳
۱۲۰	۱۳۲	۱۲۷	۱۲۱

میکائیل بحق یا ثابت میکائیل

ج

مزاج کے اعتبار سے یہ حرف آبی ہے اور اس کے مکتوبی اعداد ابجد قمری کے حساب سے ۳ ہیں اور اعدادِ ملفوظی ۵۳ ہیں۔ اور اس کا مؤکل "یا کلکائیلُ" ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل ثریا میں ہو۔ یہ چاند کی تیسری منزل ہے

اگر اس حرف کی زکوٰۃ مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا کلکائیل بحق جیم، اس حرف سے حق تعالیٰ کے تین صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یا جلیلُ، یا جامعُ، یا جبّارُ۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۳۲۷۳ مرتبہ ہوا ہے۔

اگر اس حرف کو کوری اینٹ پر مندرجہ ذیل انداز سے لکھ دیا جائے پھر اس کوری اینٹ کو اس درخت پر باندھ دیا جائے جس پر پھل نہ آتے ہوں۔ تو انشاء اللہ اس پر پھل آنے شروع ہو جائیں گے۔

ج ی م

ترمیھم ایا تنا ج ی م فی الآفات ج ی م فی

انفسھم ج ی م

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو تو مشتبہ آدمیوں کو جو کی روٹی پر مندرجہ ذیل نقش لکھ کر کھلائے جس نے چوری کی ہوگی وہ روٹی کا ٹکڑا نگلنے پر قادر نہ ہو سکے گا۔

نقش یہ ہے

ج

ج ج ج

ج ج ج

زبان بندی کیلئے۔

● - ایک گول دائرہ بنائیں اور اس میں ۹۰ مرتبہ حرف ج لکھ دیں اور درمیان میں یہ لکھ دیں۔ زبان بند کردم فلاں ابن فلاں علی بحق فلاں ابن فلاں یہ گول دائرہ سیسے پر بنا کر کسی قبرستان میں دبا دیں انشاء اللہ زبان بند ہو جائے گی۔

جس شخص کی مردانگی متاثر ہو گئی ہو وہ کسی چینی کی پلیٹ پر سو مرتبہ حرف ج لکھ کر دس روز تک لگاتار ہے۔ روزانہ لکھیں پھر اس کو پانی سے دھو کر پئیں۔ انشاء اللہ مردانگی پلٹ آئے گی۔

اگر کسی کی زبان بند کرنی ہو تو جس وقت آفتاب برج سنبلہ میں ۲ درجے پر ہو تو جیم بصورتِ دائرہ لکھیں۔ اور درمیان دائرہ کے زبان بند کردم فلاں ابن فلاں علی حق فلاں ابن فلاں لکھ کر کاغذ پر موم چڑھا کر زمین میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ زبان بند ہو جاتی گی۔

اگر ایک ہزار نو سو بیس مرتبہ ج لکھ کر مشک و زعفران سے تعویذ بنا کر اپنے گلے میں ڈال لے تو دنیا میں طرح طرح کی راحتیں عطا ہوں اور مرگ مفاجات اور طاعون وغیرہ کے حملوں سے محفوظ رہے۔

اگر سات مرتبہ روزانہ ج لکھ کر ایک سال تک آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ جیم مع مؤکل کے پڑھے اور روزانہ اس کا ایصال ثواب شہیدوں کی روح کو پہنچائے تو انشاء اللہ ایک سال کے بعد عجیب و غریب قسم کی بشارتوں کا سلسلہ شروع ہو گا۔

ایک ہزار مرتبہ حرفِ ج کو چینی کی پلیٹ پر لکھے پھر رات کو ۱۲ بجے کے بعد کسی دریا سے پانی لے کر آئے اور اس پانی کو مٹی کے برتن

میں لے کر آئے۔ پھر اس پانی سے اس چینی کی پلیٹ کو دھو کر مریض کو یہ پانی دن میں تین مرتبہ پلائے۔ کیسی بھی مہلک بیماری ہو گی۔ انشاء اللہ اس سے نجات مل جائے گی۔

اگر حرف جیم کو بشکل مثلث لکھ کر اس کے نیچے مؤکل کا نام لکھ کر کسی دردِ زہ والی عورت کے کمر میں باندھ دیں تو فوراً وضعِ حمل ہو۔

اس کی شکل یہ ہو گی۔

۷۸۶

ج	ج	ج
ج	ج	ج
ج	ج	ج

بحق یا کلکائیل

اس حرف کو پوری طرح قابو میں کرنے کی دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا جَبَّارُ یَا جَلِیْلُ یَا جَامِعُ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفُ الْجِیْمِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ وَالْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلٰئِکَۃَ الْکِرَامِ وَالْخُدَّامِ ھٰذِہِ الْحُرُوْفِ بِالطَّاعَۃِ فِیْمَا اٰمُرُھُمْ بِہٖ مِمَّا لَکَ فِیْہِ رِضَاءٌ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ۝

جن حضرات کا نام ج سے شروع ہوتا ہو۔ اُن کو بطور خاص ج کے اعمال کرنے چاہئیں۔ کیوں کہ اُن کے لئے اس حرف کے عملیات میں بطور خاص اثر ہوتا ہے۔ اور بہت جلد نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

اس حروف کے اعداد ملفوظی ۵۳ ہیں۔ جن حضرات کا نام ج سے شروع ہوتا ہو وہ اس حرف کے ملفوظی اعداد کا نقش بنائیں اور اس پر

سو مرتبہ جَاءَ الْحَقُّ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ ط پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر اس کو نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔

کلکائیل ۔ ۷۸۶ ۔ کلکائیل

۱۵	۱۰	۸	۲۰
۷	۲۱	۱۴	۱۱
۱۸	۶	۱۲	۱۷
۱۳	۱۶	۱۹	۵

کلکائیل ۔ بحقِ یا جلیلُ ۔ کلکائیل

ح

مزاج کے اعتبار سے حرف حا آخا کی ہے اور اسکے مکتوبی اعداد ۸ اور ملفوظی اعداد ۹ ہیں اسکے مؤکل کا نام تنکفیل ہے۔

اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو ۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل نثرہ میں ہو یہ چاند کی منزل ہے۔ اگر با مؤکل زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا تنکفیل بحق حا، یہ حرف حق تعالیٰ کے ۸ صفاتی ناموں میں آیا ہے۔ یَا حَیُّ یَا حَفِیْظُ، یَا حَکِیْمُ یَا حَکَمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَسِیْبُ یَا حَقُّ یَا حَمِیْدُ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۳۹۷۳ مرتبہ ہوا ہے۔

اگر کسی شخص کو پیاس کی بیماری ہو گئی ہو تو اس حرف کو ۸۰ اسّی مرتبہ زعفران سے کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر مریض کو پلا دیں تو انشاء اللہ

صحت حاصل ہوگی۔

اگر کوئی شخص تنگ دست ہو تو وہ اس حرف کو اس طرح شرف مشتری میں لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو بفضلِ رب العٰلمین اس کی تنگ دستی دور ہو جائے۔

نقش اس طرح بنائے۔

۷۸٦

٨	٨	٨
<		<
٨	٨	٨

● کسی کو اپنی محبت میں بے قرار کرنے کے لئے یہ نقش لکھ کر پانچ کلو پتھر کے نیچے دبا دیں۔ انشاء اللہ محبت میں بے قرار ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

ح ح ح ح ح ح ح
بستم خواب فلاں ابن فلاں علیٰ حُبّ فلاں ابن فلاں
ح ح ح ح ح ح ح

اگر کوئی عورت بانجھ ہو تو اس نقش کو لکھ کر سرخ رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں غسل سے فارغ ہونے کے بعد ڈال لے تو انشاء اللہ ۳ ماہ کے اندر اندر حمل قرار پائے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

ح ح ح ح ح ح ح ح

بالف

یالف لاحول ولا قوۃ الا

باللہ العلی العظیم

اگر کوئی شخص کسی دشمن کو مسخر کرنا چاہے تو جمعہ کے دن ڈھائی سو مرتبہ حرف طا کو کسی شہید یا ولی کی قبر کی مٹی پر پڑھ کر دم کر کے دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ انشاء اللہ دشمن مسخر ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص کسی بھی طرح کے درد یا تشنج میں مبتلا ہو تو ڈھائی سو مرتبہ شب جمعہ کو پڑھ کر مریض پر دم کر دیا جائے تو انشاء اللہ مریض کو درد سے نجات مل جائے گی۔

اگر کوئی شخص عملِ قومِ لوط، طاعون یا سرطان میں مبتلا ہو تو اس شخص پر روزانہ ۷ امرتبہ ۴۰ دن تک دم کریں۔ اور ۷ امرتبہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ لگاتار ۴۰ دن تک، انشاء اللہ مریض کو مذکورہ امراض سے نجات مل جائے گی۔

محبت، تالیفِ قلب اور غصہ کرنے کے معاملے میں اس کے خواص پُر اثر ہیں۔ اگر کوئی شخص مشتری کی ساعت میں ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح تیندوے کی کھال پر لکھ کر پھر اس کو باریک پیس کر کسی سُرمے میں ملالیں تو انشاء اللہ مؤکل وغیرہ نظر آنے لگیں گے۔ سُرمہ لگاتے وقت یہ عزیمت لاتعداد مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا حَیُّ یَا حَلِیْمُ یَا جَمِیْلُ یَا حَسِیْبُ یَا

حَنَّانُ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفُ الْحَاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ لَنَا تُسَخِّرْ لِیْ مَلٰئِکَتَکَ خُدَّامِ ھٰذِہِ الْحُرُوْفِ فِیْمَا اَمَرْھُمْ بِہٖ مِمَّا لَکَ فِیْہِ رِضَاءٌ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ط

اگر بروز شنبہ یا بروز جمعہ کو پہلی یا آٹھویں ساعت میں جب کہ قمر نحوست سے محفوظ ہو انگشتری کے نگینے پر ۸ مرتبہ حاؔ لکھے اور اس ساعت میں اگلے شنبہ یا بروز جمعہ پہن لے تو بے اندازہ — قوتِ باہ پیدا ہو۔

اگر اسی انگوٹھی کو پانی میں ڈال کر وہ پانی کسی بخار کے مریض کو پلائیں تو بخار فوراً اتر جائے گا۔

اگر اس حرف کو ۹۷۲۳ مرتبہ کسی چینی کے طباق پر لکھ کر اس کنوئیں یا دریا کے پانی سے جو نصف رات کو لایا گیا ہو دھو کر مریض کو پلائیں تو مرض کتنا بھی شدید ہو انشاء اللہ رفع ہو جائے گا اور مریض اللہ کے فضل و کرم سے صحت مند ہو جائے گا۔

جس کا نام حرف ح سے شروع ہوتا ہو تو وہ اس نقش کو خاکی چال سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ یہ نقش اگر اس وقت بنایا جائے جب چاند منزل نزثہ میں ہو تو افضل ہے۔ نقش بنانے کے بعد حٰمٓ عٓسٓقٓ ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کر دیں۔

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

ح	ح	ح	ح
ح	ح	ح	ح
ح	ح	ح	ح
ح	ح	ح	ح
ح	ح	ح	ح

بحق یا حیّ یا قیوم

خ

یہ حرف بادی ہے اور اس کے اعداد مکتوبی ۶۰۰ اور ملفوظی اعداد ۶۰۱ ہیں اس کے مؤکل کا نام میکائیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ سعود میں ہو۔ یہ چاند کی ۲۴ وی منزل ہے اس حرف سے حق تعالیٰ کے تین صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یَا خَبِیْرُ، یَا خَافِضُ، یَا خَالِقُ۔

قرآن حکیم میں یہ حرف ۲۴۱۶ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی سے خوف زدہ ہو اور کسی کام کے لئے اس کی محفل میں جانا ضروری ہو تو اس حرف کو اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر اس طرح لکھیں۔ انشاء اللہ وہ مہربان ہو جائے گا۔

دشمن کو مسخر کرنے کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے جس وقت چاند برجِ عقرب میں ہو اس وقت بساعتِ زہرہ حرف خ ۱۰۱ مرتبہ کسی کاغذ پر لکھے اور لکھنے کے دوران زہرہ کا بخور روشن کرے۔ اس کے بعد اس کاغذ کو تعویذ بنا کر اپنے داہنے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ دشمن مسخر ہو جائے گا۔

یہ عمل دشمن کے لئے کسی مفتی سے شرعی فتویٰ حاصل کرنے کے بعد

کیا جائے۔ یہ عمل صرف اس دشمن کے لئے جائز ہے جو مشرک ہونے کے ساتھ ساتھ حد سے زیادہ ظالم بھی ہو، اور اس کے ظلم و ستم سے دوسرے اللہ کے بندے بھی حد سے زیادہ پریشان اور فریادی ہوں۔ ورنہ یہ عمل حرام ہوگا۔ اور اس میں آخرت کا سراسر نقصان ہوگا۔ اس لئے اس عمل کو اختیار کرتے ہوئے پوری احتیاط برتیں اور اپنی عاقبت کو برباد نہ ہونے دیں۔

عمل یہ ہے کسی مُردے کی کھوپڑی لیں اور اس پر ۲۱۵۲ مرتبہ سُرخ رنگ سے خ لکھیں اور اس رنگ میں سُرخ مرچ بھی ملالیں۔ یہ کسی ایسی ویران مسجد میں بیٹھ کر لکھیں جس میں پانچوں وقت کی نماز نہ ہوتی ہو۔ بوقتِ طلوعِ آفتاب لکھنا شروع کریں۔ اور لکھتے وقت اپنا رُخ مشرق کی طرف رکھیں۔ دورانِ لکھائی سُرخ مرچ اور ہینگ کی دھونی لیں۔ اس کھوپڑی پر ظالم کا نام اور اس کی ماں کا نام بھی لکھ دیں۔ اس کے بعد دشمن کے نام اور اس کی ماں کے نام کے مجموعی اعداد کے برابر "یا خابجق میکائیل" پڑھیں اور اس کے بعد اس کھوپڑی کو دشمن کے گھر میں یا قبرستان میں دفن کر دیں۔

اگر کوئی چاہے کہ کسی غائب شدہ کے حالات کی اطلاع خواب میں ہو جائے تو اس کے لئے کسی بلندی پر جا کر وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے۔ اس کے بعد ستر مرتبہ حرف خا کا ورد کرے اور غائب کا نام اور اس کی والدہ کا نام اس وقت ایک کاغذ پر لکھ لے۔ رات کو سوتے وقت اس کاغذ کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں غائب کے حالات منکشف ہو جائیں گے۔

بعض عاملین نے لکھا ہے کہ کاغذ پر ۶ مرتبہ خ لکھ کر اس کے نیچے گم شدہ کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھنا چاہئے تب مقصد پورا ہوتا ہے اور یہ عمل قمر کی ساعت میں کرنا چاہئے۔

اگر ۱۲ ٹھیکروں پر حرف "خ" ایک مرتبہ لکھ کر باغ کے مختلف حصوں میں یہ ٹھیکرے دفن کر دیں تو بفضلِ ربّ العالمین باغ تمام آفاتِ سماوی سے محفوظ رہے گا۔

اگر بلوری رنگ کے نگینہ پر حرف "خ" کندہ کرا کر رکھ لیں اور ولادت کے وقت اگر یہ نگینہ عورت کے بائیں ہاتھ میں پکڑا دیں تو فوراً وضعِ حمل ہو۔ حرف "خ" کندہ کرنے کے بعد "یَا خَالِقُ یَا خَبِیْرُ" ۱۵۴۳ مرتبہ پڑھ کر نگینہ پر دم کر دیں۔

حرف "خ" کو اگر کسی کاغذ پر اس طرح چھ سو مرتبہ لکھیں کہ ایک سطر میں سَو مرتبہ لکھا جائے اور چھ سطروں میں چھ سو مرتبہ لکھا جائے اور اس کاغذ کو مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اپنے گھر کے صحن میں دبا دیا جائے تو گھر تمام آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔ ہانڈی کے چاروں طرف اگر ۱۵ مرتبہ "یَا خَالِقُ یَا خَبِیْرُ" لکھ دیں تو اور بھی مؤثر ہوگا۔

اگر کسی کا نام خ سے شروع ہوتا ہو تو وہ اس نقش کو اس وقت تیار کرے جب چاند منزل سعود میں ہو۔ اس پر وَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۰ سَو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تمام مقاصد حسنہ میں کامیابی ملے گی۔

نقش اس کا اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

میکائیل	۷۸۶		میکائیل
۴۶۵	۴۷۱	۴۶۸	۴۷۶
۴۷۷	۴۶۷	۴۷۴	۴۶۲
۴۷۲	۴۶۴	۴۷۵	۴۶۹
۴۶۶	۴۷۸	۴۶۳	۴۷۳

میکائیل بحق یاخالق میکائیل

د

اس حرف کا مزاج خاکی ہے اور اس کے مکتوبی عدد ۴ ہیں۔ اور اعداد ملفوظی ۳۵ ہیں۔ اس کے مؤکل کا نام دردائیل ہے اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ دبران میں ہو یہ چاند کی چوتھی منزل ہے۔ اسماءِ حسنیٰ میں حرفِ دال سے کوئی نام شروع نہیں ہوتا ہے۔ البتہ حق تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں دو۲ نام یادیّان یادائم شروع سے ہوتا ہے۔ اس حرف کا استعمال قرآن حکیم میں ۵۶۰۲ مرتبہ ہوا ہے۔

● ۔اگر کسی شخص کے جسم پر ورم ہو تو اس حرف کو اس طرح گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ ورم دور ہوگا۔

۷۸۶

اگر یا مؤکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں اجب یا دردائیل بحق دال۔

● ۔اگر بوقت سحر برہنہ ہوکر (پوشیدہ مقام پر لباس رکھکر) ستر۷۰ مرتبہ حرف دال کا ورد کرے اور نیت دشمن کی تباہی ہو۔ آسمان کی طرف دیکھکر یہ عمل کرے۔ عمل متواتر چالیس۴۰ دن کرے تو انشاء اللہ اس کا دشمن تباہ و برباد ہوجائے گا۔ یہ بات واضح رہے کہ اس طرح کے عملیات شرعی فتویٰ حاصل کرنے کے بعد کرنے چاہئیں۔ اگر دشمن فاسق و فاجر ہو اور اس سے خدا کے بندے پریشان ہوں۔ ایسی جگہ ایسے عمل جائز ہیں۔ صرف ذاتی دشمنی کی وجہ سے ایسے عمل نہیں کرنے چاہئیں۔

● ۔اگر ریشمی سفید کپڑے پر حرف دال کو ۳۵ مرتبہ لکھے۔ پھر اس کپڑے کو تعویذ بنا کر بازو پر باندھ لیں تو دین و دنیا کی نعمتوں سے سرفراز ہوجائیں۔ اس طرح کا عمل اس وقت زیادہ مؤثر ہوتا ہے جب قمر برج سرطان میں ہو

● ۔اگر حرف دال کو ۳۵ مرتبہ ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے پاس رکھیں۔ تو قوت حافظہ میں زبردست اضافہ ہوجائے اور فہم و ادراک کی قوت میں بھی خوب اضافہ ہوجائے۔

یہ حرف عطارد سے نسبت رکھتا ہے اور اس کے لئے بدھ کا دن خاص ہے۔ اگر کسی کے بوجہ گرمی ورم ہو تو اس کو چاہئے کہ حرف دال کو اس طرح لکھکر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ ورم اتر جائے گا۔

د د د د

د د د د

اس حرف کی دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَادَیَّانُ

يَا دَائِمُ الْعِزِّ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ بِمَا اَدْدَعْتَهٗ حَرْفَ الدَّالِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَالْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِكَتِكَ الْكِرَامِ خُدَّامِ هٰذِهِ الْحَرْفِ بِالطَّاعَةِ فِیْمَا اَمَرَهُمْ بِهٖ مِمَّا لَكَ فِیْهِ رِضَاءٌ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ○

جن حضرات کا نام حرف دال سے شروع ہوتا ہو وہ اس نقش کو خاکی چال سے اس وقت پُر کریں۔ جب چاند منزلِ دبران میں ہو۔ اور اس پر سو مرتبہ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ۔ پڑھ کر دم کر دیں۔

دردائیل		۷۸۶	دردائیل
د	د	د	د
د	د	د	د
د	د	د	د
د	د	د	د
دردائیل			دردائیل

ذ

اس حرف کا مزاج آتشی ہے اور اس کے اعداد مکتوبی ۷۰۰ ہیں۔ اور اعدادِ ملفوظی ۷۳۱ ہیں۔ اس کے مؤکل کا نام اھرائیل ہے۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ اخبیہ میں ہو۔ یہ چاند کی ۲۵ ویں منزل ہے۔

اگر با مؤکل زکوٰۃ نکالنی تو اس طرح پڑھیں۔ اَجِبْ یَا اِھْرَائِیْلُ

بحق ذال اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام شروع ہوا ہے۔ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۴۶۹۷ مرتبہ ہوا ہے۔

● جس شخص کو بلغم کی کثرت ہے وہ اس حرف کو اس طرح لکھ کر گلے میں ڈالے۔

ذ	۷۸۶	ذ
ذ	ذ	ذ
ذ	ذ	ذ
ذ		ذ

۷ دن تک چینی کی پلیٹ پر حرف ذ سات مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر پیئے۔ انشاء اللہ بلغم سے نجات ملے گی۔

● اگر ستر مرتبہ حرف ذ کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام مخلوق کی نظروں میں محبوب ہو جائے اور اللہ کے فضل و کرم سے دشمن مغلوب ہو جائیں۔

● ۔ اگر جمعہ کے دن بعد نمازِ فجر ایک ہزار مرتبہ حرف ذال کا ورد کرے تو ایک سال کے اندر اندر صاحبِ مال و منال بن جائے اور قرضوں سے نجات ملے۔

● ۔ اگر مالدار آدمی اس حرف کا ورد روزانہ ستر مرتبہ کرے تو اس کے مال کو زوال نصیب نہ ہو۔

● اگر حرف ذ کو سات سو مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں تو وہ طالب کے لئے بے قرار ہو جائے اور طالب سے ملے بغیر

اس کو قرار نہ آئے۔

● حرف ذ کا ایک منفی عمل عاملین سے منقول ہے۔ اس عمل کو فتویٰ حاصل کرنے کے بعد بہت مجبوری میں کرنا چاہیئے۔ کچی اینٹ پر سات سو مرتبہ دو سطروں میں ذ لکھیں۔ درمیان میں دشمن کا نام مع والدہ لکھیں۔ پھر اس اینٹ کو بھٹے میں پکا کر کسی قبرستان میں دبا دیں۔ دشمن تباہ ہو جائے گا۔ یہ عمل اس وقت کریں جب چاند عقرب میں ہو۔

تسخیر خلائق کے لئے حرف ذ کو ۹۰ مرتبہ لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تسخیر و محبت حاصل ہو گی۔

ر

حرف "ر" مزاج کے اعتبار سے خاکی ہے اور اس کے اعداد مکتوبی دو سو ہیں۔ اور اعدادِ ملفوظی دو سو ایک ہیں۔ اس کا موکل ہمواکیل ہے۔

اگر اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل نعائم میں ہو یہ چاند کی ۲۰ ویں منزل ہے۔ اگر اس حرف کی باموکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا ہمواکیل بحق رآء۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کے سات صفاتی نام شروع ہوتے ہیں
یارحیمُ، یارحمٰنُ، یارزّاقُ، یارافعُ یارقیبُ، یاروفُ، یارشیدُ۔

قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۱۱۷۹۳ بار ہوا ہے۔

● جس وقت قمر برج عقرب میں ہو۔ اس حرف کو دو سو مرتبہ کتے کی ہڈی پر لکھ کر اور دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر کسی ویران جگہ دفن کر دیں تو

دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

● اگر یہی عمل دو انسانوں کے درمیان تفریق کے لئے کیا جائے تو دونوں کا نام مع اسم والدہ لکھ کر دونوں کے درمیان × بنا دیں چند ہی دنوں میں تفریق ہو جائے گی۔

● قمری مہینے کے آخری بدھ کو اس شخص کی پیشانی پر حرف "ر" پانچ مرتبہ لکھیں جو دردِ شقیقہ میں مبتلا ہو اور ایک گھنٹے تک یہ حرف لکھا رہنے دیں اس کے بعد مٹا دیں۔ انشاء اللہ دردِ شقیقہ سے نجات مل جائے گی۔

● اگر اتوار کے دن کسی بھی نئی عمارت کی بنیادوں میں حرف "ر" سو مرتبہ لکھ کر دفن کر دیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ عمارت تباہی سے اور زلزلوں سے محفوظ رہے گی۔

● اگر حرف "ر" کو ستر مرتبہ سفید مرغ کی گردن میں لکھ کر تعویذ بنا کر لٹکا دیں تو مرغ وہاں جا کر بیٹھ جائے گا جہاں دفینہ ہو گا۔

● اگر حرف "ر" کو ستر مرتبہ لکھ کر کسی گدھے کے کان میں رکھ دیں پھر وہاں سے نکال کر کسی قلعی شدہ برتن میں رکھ دیں پھر اس پر اتنا نمک ڈال دیں کہ وہ چھپ جائے پھر اس برتن کو سرہانے رکھ کر سو جائے تو خواب میں اسرارِ دفینہ سے باخبر ہو جائے گا۔

● اگر حرف "ر" کو رانگ کی تختی پر لکھ کر اس کو پانی میں ڈال کر اس مریض کو یہ پانی پلائے جسے پیاس کی بیماری ہو، فوراً بیماری ختم ہو جائیگی۔

● اگر چمگادڑ کی کھال پر اس حرف کو ۴۰ مرتبہ لکھ کر کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو اس کو نیند نہیں آئے گی۔

● - اگر کوئی شخص قید میں ہو تو اس حرف کو ۲۰۰ مرتبہ لکھکر اپنے ہاتھ پر باندھ لے تو بہت جلد اس کو قید سے رہائی نصیب ہو۔

● - اگر اس حرف کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے اور دو سو مرتبہ "یَا رَحِیْمُ" روزانہ پڑھتا رہے تو رزق کشادہ ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۹	۵۳	۵۶	۴۲
۵۵	۴۳	۴۸	۵۴
۴۴	۵۸	۵۱	۴۷
۵۲	۴۶	۴۵	۵۷

● - اگر مٹی کا نیا پیالہ لیکر اُس پر مُشک و زعفران سے حرف "ذ" چالیس مرتبہ پھر حرف طا ۱۱۲ مرتبہ لکھکر اس کو پانی سے دھو کر کسی مریض کو پلائیں تو مریض بفضلِ خدا تندرست ہو جائے گا۔

● - جن لوگوں میں جُدائی ڈلوانی ہو اُن کے لئے یہ کریں کہ کسی کاغذ پر ایک سطر میں سو مرتبہ حرف "ذ" لکھیں۔ دوسری سطر میں یہ لکھدیں۔

اَللّٰھُمَّ فَرِّق بین فلان ابن فلان وفلان ابن فلان، فلاں ابن فلاں کی جگہ سب کے نام اور ان کی ماؤں کے نام لکھدیں۔ پھر تیسری سطر میں حرف "ذ" سو مرتبہ لکھدیں۔ اور اس کاغذ کو کسی قبر کی مٹی میں گولا بنا کر دریا میں بہا دیں۔

● - اگر اس حرف کو قمر کی منزلِ نعائم میں لکھکر اپنے پاس رکھے تو عجائبات کا مشاہدہ ہو۔

● - جس شخص نے اس حرف کی زکوٰۃ ادا کر لی ہو وہ اس حرف کو ۲۰۰ پڑھکر اگر پانی پر دم کر کے درختوں کی جڑوں میں ڈالدے تو درختوں پر پھل آنے شروع ہو جائیں۔ اور اس پانی کی برکت سے سُوکھے ہوئے درخت بھی ہرے بھرے ہو جائیں۔

● - اگر مٹی کا پیالہ لے کر اس پر ۱۱۲ مرتبہ حرف "ذ" لکھے پھر اس کو شہد سے دھو کر مریض کو چٹائے تو کیسا بھی مرض ہو گا شفا نصیب ہو گی۔

● - اگر نو سو مرتبہ حرف "ذ" کو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کتے کو کھلادے تو تسخیرِ خلائق عطا ہو۔

● - اگر اس حرف کے اعداد میں حاملہ عورت کے اعداد شامل کر کے مثلث کا نقش قمر کی منزل نعائم میں چمڑے پر لکھیں اور حاملہ کے گلے میں ڈالیں تو حمل کی حفاظت رہے اور اللہ کے فضل و کرم سے لڑکا پیدا ہو۔

● - اگر اس حرف کو جیل کے دروازے پر دس بار لکھکر قیدی کا نام مع والدہ لکھدیا جائے تو بہت جلد وہ رہا ہو جائے۔

جن حضرات و خواتین کا نام "ذ" سے شروع ہوتا ہو وہ اس نقش کو اس وقت تیار کریں جب چاند منزلِ نعائم میں ہو۔ اس نقش کو خاکی چال سے پُر کر کے اُس پر سو مرتبہ پڑھکر دم کر دیں۔ اور اس کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے دائیں بازو پر باندھیں۔

ہموائیل ۷۸۶ ہموائیل

۵۲	۴۶	۴۵	۵۷
۴۴	۵۸	۵۱	۴۷
۵۵	۴۳	۴۸	۵۲
۴۹	۵۳	۵۶	۴۴

ہموائیل بحق یَا رَحِیْم ہموائیل

حرف "ذ" مزاج کے اعتبار سے آبی ہے اور اس کے مکتوبی اعداد ۷ اور اعداد ملفوظی ۸ ہیں۔ اس کا مؤکل شرفائیل ہے۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴ ۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل ذراعہ میں ہو یہ چاند کی ساتوی منزل ہے۔ اگر بامؤکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا شرفائیل بحق ذا۔

اسماءِ حسنیٰ میں اس حرف سے حق تعالیٰ کا کوئی صفائی نام شروع نہیں ہوتا۔ لیکن صفاتی ناموں میں ذکی اللہ کا صفاتی نام شامل ہے۔ اس حرف کا استعمال قرآن حکیم میں ۱۵۹۰ مرتبہ ہوا ہے۔

● ۔اگر کوئی فاحشہ عورت کسی عورت کی شہوت باندھ دے اسطرح کہ اس کے سوا مرد کسی پر قابو نہ پا سکے تو اس کا علاج یہ ہے کہ جس وقت آفتاب برج جدی میں ۱۴ درجے پر ہو اس وقت کسی نئے کپڑے پر ۱۴ مرتبہ حرف "ذ" لکھکر اس مرد کا نام مع والدہ کے لکھکر اس کپڑے میں کسی ویرانے کی مٹی لگا دے اور اس کپڑے کو اس کنوئیں میں پھینک دے جس میں پانی خشک ہو چکا ہو انشاءاللہ اس کی شہوت کھل جائے گی۔ اور اگر ساتھ میں اس فاحشہ عورت کا نام بھی مع اس کی والدہ کے لکھ دے تو اس عورت کے حق میں اُس مرد کی مردانگی بند ہو جائے گی۔

● ۔اگر کسی کاغذ پر حرف "ذ" ۷۰۰ سو مرتبہ لکھ کر گلاب و زعفران سے کسی درخت پر لٹکا دیں اور اس پر اپنا نام اور والدہ کا نام بھی لکھ دیں تو کاروبار میں بے حد ترقی ہو۔

● ۔اگر حرف "ذ" کو اس وقت جب آفتاب برج جدی میں ہو مریخ کی ساعت میں ۷۵ مرتبہ کسی چمڑے پر لکھکر کسی ویرانے میں دفن کر دے تو اس سے سحر زدہ کو فائدہ ہو۔ لکھنے کے بعد سحر زدہ کا نام مع اسم والدہ کے لکھ دینا چاہیئے۔

● ۔اگر ۴۰ دن تک حرف "ذ" کو ۱۲۵ مرتبہ ورد میں رکھے تو خوب خیر و برکت ہو اور مخلوق کی نظروں میں بفضلِ خداوندی مقبولیت حاصل ہو۔

● ۔اگر سات ۷۰۰ سو مرتبہ حرف "ذ" کو مشک و زعفران سے لکھ کر اور کافور کا بخور دورانِ لکھائی روشن کرے اس کے بعد اسکو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو کیسی بھی مشکلات ہوں رفع ہوں گی۔

● ۔اگر چاندی کی تختی پر قران قمر و مشتری کے وقت گیارہ ۱۱ مرتبہ حرف "ذ" لکھے۔ اگر پیر کا دن ہو تو اور بھی بہتر ہے اس کے بعد اس تختی کو اپنے پاس رکھے تو مخلوق کی بدگوئی اور ایذا رسانی سے محفوظ رہے۔

● ۔اگر کوئی شخص مشتری کی ساعت میں جمعرات کے روز ۹۹ مرتبہ حرف "ذ" کے اعداد کو ۱۰ اسطروں میں لکھدے اور کسی دیوار پر چسپاں کر دے تو وہ دیوار قائم نہ رہ سکے گی۔

● ۔اگر اونٹ کی پنڈلی پر سات ۷ مرتبہ حرف "ذ" لکھے اس وقت قمر منزلِ ذراع میں ہو تو اونٹ کتنا بھی چلے گا کبھی نہیں تھکے گا۔

● ۔اگر اس طریقے سے لکھکر کوئی شخص اپنے پاس رکھے گا تو کوئی موذی جانور کبھی اس کے قریب نہیں پھٹکے گا۔

● ۔جب بارش کی ضرورت ہو تو اس حرف کو سیاہ بکری کی کھال پر لکھکر اس کو مینڈھے کے سر پر رکھدو اور حضورِ قلب سے اضمار پڑھو اور

اس کے لئے دُعا کرو اور یہ الفاظ کہو۔ اخضر لیھا السحاب والمطر انشاء اللہ بارش ہو جائے گی۔

اضمار یہ ہے۔ اَجِبْ ایّھا السید یاعلمشائیل بحق سعدوس ھطاطم ھطاطم ھیط اجب بحق یموہ الوحا العجل الساعۃ

اس حرف کی یہ بھی خاصیت ہے کہ جس برتن میں لکھکر رکھا جاتا ہے خوب برکت ہوتی ہے۔ خصوصاً گھی اور دودھ میں اگر ۷ مرتبہ اس کے برتن پر لکھدیا جائے تو عجیب برکت سامنے آئے گی۔

- اگر اس حرف کو اضمار کے ساتھ لکھکر اپنے پاس رکھیں تو غیب سے رزق ملے گا۔
- اگر اس حرف کے اعداد ملفوظی میں طالب و مطلوب کے اعداد مع والدہ ملاکر نقش مثلث مطلوب کے عنصر کے مطابق تیار کر کے طالب کے سیدھے بازو پر بندھوادیں تو مطلوب ایک دن خود طالب بن جائے گا اور اس پر عجیب طرح کی دیوانگی سوار ہو جائے گی۔
- دفینے کی کھوج کرنی ہو تو ۷ سو مرتبہ حرف "ز" پڑھکر کسی سفید مُرغ کے کانوں میں پھونک دیں اور مُرغ کو چھوڑ دیں۔ انشاء اللہ مرغ دفینہ کی جگہ جاکر اذان دینے لگے گا۔ جو شخص اس حرف کو روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھے گا۔ دشمنوں کے خوف سے محفوظ رہے گا۔
- اگر چاندی کی انگوٹھی پر حرف "ز" کو کندہ کرا کے شہادت کی انگلی میں پہنے تو بھی دشمنوں کے خوف سے محفوظ رہے گا۔
- شہوت کھولنے کیلئے حرف "ز" اور اس شخص کا نام مع والدہ کے ۴ مرتبہ ایک کاغذ پر لکھکر اسکو دو کوری ٹھیکریوں کے درمیان رکھکر انھیں باندھ دیں اور ان کو کسی دریا میں ڈالدیں تو انشاء اللہ شہوت کھل جائے گی۔

- جن حضرات و خواتین کا نام "ز" سے شروع ہوتا ہے اُن کو چاہئے کہ اس نقش کو اس وقت لکھیں جب چاند منزلِ ذراعہ میں ہو آبی چال سے نقش لکھیں۔ اس کو لکھکر اس پر ۷۰۰ مرتبہ حرف "ز" پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس نقش کو دائیں بازو پر باندھ لیں۔

۷۸۶

شرفائیل شرفائیل

ز	ز	ز	ز
ز	ز	ز	ز
ز	ز	ز	ز
ز	ز	ز	ز

شرفائیل بحق یا زکی شرفائیل

س

مزاج کے اعتبار سے آبی ہے اور اس کے اعداد مکتوبی ۶۰ ہیں۔ اور اعداد ملفوظی ۱۲۰ ہیں۔ اس کا موکل ھمواکیل ہے

اگر اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ غفرہ میں ہو۔ یہ چاند کی ۱۵ ویں منزل ہے۔ اگر بامؤکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ "اَجِبْ یَا ہَمُواکِیْلُ بِحَقِّ سِیْنُ"

اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۲ صفاتی نام شروع ہوتے ہیں یَا سَمِیْعُ

یَا سَلَامُ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۱۹۸۵ مرتبہ ہوا ہے۔

جس وقت بُرج جوزا کا اوّل درجہ شروع ہو اس وقت اپنے حاسِد کا نام مُرغی کے انڈے پر لکھیں اور اس نام کے چاروں طرف حرف "س" لکھ دیں۔ اور نیت یہ رکھیں کہ حاسِد کی زبان بند کی جا رہی ہے۔ اس کے بعد اس انڈے کو لوبان کی دھونی دے کر زمین میں دفن کر دیں۔ انشاءاللہ حاسِد کی زبان بند ہو جائے گی۔

اگر حرف "س" کو ۶۰ مرتبہ کسی چینی کی پلیٹ پر لکھکر کسی بیمار کو پلائیں تو انشاءاللہ چند روز میں بیماری سے نجات حاصِل ہو جائے گی۔

اگر اسی عمل کو کاغذ پر لکھکر اس بچّے کے گلے میں ڈالیں جسے لکنت ہو یا جو گونگا ہو تو اس کو بھی زبردست فائدہ ہو گا۔

اگر یہ حرف مع اضمار نونیہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو رزق کے دروازے کھل جائیں گے اگر اس حرف کو کسی پتھر پر پچاس مرتبہ مع اضمار لکھے اور اس کے مؤکل سے کہے " اے مؤکل اس مال کی حفاظت کرو" تو وہ مال محفوظ رہے گا۔ اگر ایسے مکان میں جاؤ جہاں مال ہو تو حرف نون پتھر پر لکھ کر اس مال خانہ میں ڈال دو اور دعوت پڑھتے رہو تو جس قدر مال تم کو درکار ہو لے لو۔ اگر حرف نون کی خدمت کرو گے تو پھر تم کو ان اعمال کی ضرورت نہ رہے گی اور اگر طلسمی پانی کو باطل کرنا چاہو (جب قمر اسکی منزل میں آئے) حرف نون کو سیسہ کی تختی یا پتھر یا ٹھیکری پر لکھ کر اس کے گرد اضمار لکھو اور پانی میں ڈال دو تو وہ جم جائے گا اور اس حرف کی دعوت بہت عظیم ہے۔ پانی غائب ہو جائے گا۔ اگر اس حرف کو مٹی پر لکھ کر

وہ مٹی کسی مُرغ کی گردن میں اس طرح باندھو کہ جب مُرغ چلے تو وہ مٹی گرے تو وہ مکان ویران ہو جائے گا۔ اگر چاہو کہ محفوظ رہے۔ محفوظ رہے گا، اگر اس حرف کو ہتھیلی کے برابر کے سیسہ کی تختی پر لکھکر ریت کے دریا میں ڈال دو تو وہ جم جائے گا۔ اس حرف کی دعوت بہت عظیم ہے اس کے مؤکّل کا نور آفتاب کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ وہ تم سے عہد کرے گا۔ تم اس دعوت کو ہر نماز کے بعد ۵۰ بار پڑھتے رہو مع اضمار کے۔ اس کے مؤکل کا نام صطریائیل ہے۔ اگر وہ آنے میں تاخیر کرے تو حرف نون سے اس کو طلب کرو تو وہ فوراً حاضر ہو گا اور جو کام اس سے لینا چاہو وہ فوراً تعمیلِ حکم کرے گا۔ دعوت یہ ہے حرف نون کا عظیم نقش و دعوت یہ ہے۔

ن ن ن ن ن ن
ن ن ن ن
ن ن ن ن ن ن

نَوِّرِ اللّٰھُمَّ قَلْبِیْ وَشَعْرِیْ وَبَصَرِیْ وَجَوَارِحِیْ وَبَدَنِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ الَّذِیْ نَوَّرْتَ بِهٖ اَهْلَ طَاعَتِكَ یَا مُنَوِّرَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ یَا نُوْرَ كُلِّ النُّوْرِ یَا هَادِیْ یَا نُوْرُ كُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ الَّذِیْ فَلَقْتَ الظُّلُمٰتِ بِنُوْرِكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُنَوِّرَنِیْ بِالْاَنْوَارِ یَا مَنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُرْسِلَ لِیْ حُرُوْفَ النُّوْنِ یَا سِیْنِیْ فِیْ خَلْوَتِیْ حَتّٰی

اَمَالَ مِنْهُ مَارِنِیْ اَجِبْ بِتَلَالِیْ اَنْوَارِ الْعُجُبِ وَنُوْرِ الْخَالِقِ هَیَّا یَا نُوْنُ بِالَّذِیْ لَا اَعْظَمُ مِنْ نُوْرِهٖ نُوْرُ اَجِبِ الدَّاعِیَ الْكِرَامَا لِنُوْنِ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ وَبِالنَّارِ وَالنُّوْرِ وَالظِّلِّ وَالْحَرُوْرِ وَالسَّمَاءِ وَالْمُرُوْرِ وَمُسْتَقَرِّ الْاَرْوَاحِ بمرلیاغرلیان بنوریان بتوریان ۲ علیون ۲ طلعون قھرلون سیمان شان دیان یوم الدین بِالْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اس کا اضمار یہ ہے۔ اَجِبْ اَیُّهَا الْمَلِكُ صفریائیل بِحَقِّ سلسلہ شلشلع شھفع سردیح مرد رخ مھلیش نعجم یاہ یبوہ ۲ نُوْرُ الْاَنْوَارِ اَجِبْ وَتَوَكَّلِ الْعَجَلَ الْوَحَا السَّاعَةَ بَارَكَ اللّٰهُ فِیْكَ وَعَلَیْكَ اس کا بخور دارچینی ہے اور موانع خزانہ کے دفع کرنے کے لئے چونہ کا بخور روشن کرنا چاہئے۔

حرف سؔ کے خواص، اس کے مؤکّل کی تسخیر وضعِ حمل میں سہولت پھوڑے پھنسیوں کا علاج

گرم و خشک لفظ ہے۔ اگر اسکو درد سر اور آدھے سر درد کا مریض مع اضمار کے لکھکر باندھے تو آرام ہو۔ اس کو اسمائے سین کے ساتھ ریشم پر مع سورۂ یٰس لکھکر اپنے پاس رکھے تو محبت عالم اور قبول عام نصیب ہو اور دشمنوں کی زبان بند ہو جائے گی۔ اگر اس کو انڈے پر لکھکر حاملہ عورت کو کھلائیں تو وضع حمل آسانی ہو اور جب اس حرف کو کسی برتن میں لکھکر پانی سے دھو کر اس پانی سے زخم اور پھوڑے پھنسی کو دھوئیں یا مرہم میں ملائیں تو بہت جلد صحت ہو۔ جب یہ حرف

مع اعداد موافق لکھکر زخموں کا مریض اپنے پاس رکھے تو اس کو جلد صحت ہو۔ اس کی خلوت کی ترکیب یہ ہے کہ اس کی قسم کو نو سے بار روز پڑھے تو ایک نور مثل آفتاب ظاہر ہوگا۔ جو حاجت ہوگی عامل پوری کرے گا اور لازمی ہے کہ اس حرفِ نون کو لکھکر تنہائی میں اپنے پاس رکھے اس کے خادم کا نام طقیائیل ہے وہ حاضر ہوگا۔ جو کام کہو پورا کرے گا۔ نقش حرف سین اور اس کی دعوت یہ ہے۔

ع ع

س	س
س	س
س	س

ع ع

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ الرَّحِیۡمِ عَلَیۡنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیۡنَ۔ یَا اللّٰہُ اَنۡتَ الصَّمَدُ اللّٰہُ الۡقَیُّوۡمُ یَا دَیَّانُ یَوۡمِ الدِّیۡنِ اَسۡئَلُکَ بِحَقِّ اَسۡمَاءِکَ الَّتِیۡ هِیَ اَسۡلَمُ لِلۡاَسۡمَاءِ وَاَشۡرَفُهَا اَسۡئَلُکَ یَا حَلِیۡمُ یَا مَوۡلَایَ تَحَنَّنۡ عَلَیَّ وَالۡطُفۡ بِیۡ فِی الشَّدَائِدِ وَنَزُوۡلِهَا وَارۡاَفۡ بِیۡ رَاۡفَةَ الۡمُحِبِّ بِالۡمَحۡبُوۡبِ یَا رَءُوۡفُ یَا رَحِیۡمُ بِالۡمَصِّ تَصَوَّرۡ لِیۡ یَا حَرۡفَ السِّیۡنِ حَتّٰی اُشَاهِدَکَ عِیَانًا وَاقۡضِ حَاجَتِیۡ فِیۡمَا لِیَنۡفَعُنِیۡ مِنۡ اَمۡرِی الۡوَحَا الۡعَجَلِ بِصَرِیۡرِ الۡقَلَمِ فِی اللَّوۡحِ الۡمَحۡفُوۡظِ احرج ونرائی بِحَقِّ صَاصٍ صُوۡصٍ صَبُوۡرٍ بِمَا یَتَرِیۡتُوۡا مِنَ الۡوَاحِدِ الصَّمَدِ اَنَّ رَبَّکَ لَبِالۡمِرۡصَادِ یَا اللّٰہُ یَا وَاحِدُ یَا صَمَدُ اَجِبۡ بِحَقِّ سُلَیۡمَانَ ابۡنِ

دَاؤُدَ بِاَلِفِ لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ فَمِنِّیۡ اَشۡرَفُ بِاَمۡرٍ مِّنَ الۡاُمُوۡرِ اَفۡعَلُهٗ۔ اور اس کا اضمار یہ ہے اَجِبۡ اَیُّهَا الۡمَلِکُ بِحَقِّ سلطیع ۲ علفح یاہ علصلحیم سرح یردبخ صدیکہ یموسرھیا شراھیا اذوناى اصبلوق الشداى اَجِبۡ وَتَوَکَّلۡ بِکَذَا۔ اور اس کا بخور گوند ہے۔

حرفِ عین کے مؤکل کی تسخیر اور خواصِ عقل و فہم کا حصول،

یہ حرف مکرر ہے۔ اسی حرف عین سے آنکھوں کو نور اور دل کو سرور ملتا ہے جب قمر اس کی منزل میں ہو اس وقت یہ حرف اور اسماء عینیہ ایک کاغذ پر لکھکر اپنے پاس رکھے تو تمام مخلوق تمہاری مطیع ہوگی۔ اگر کند ذہن اس کو اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس پر عقل و فہم کے دروازے کھول دیتا ہے۔

ضیق النفس کا علاج اور قبولیتِ عوام

یہ حرف اس آیت کے ساتھ ضیق النفس کے لئے بھی لکھا جاتا ہے۔ عَالِمُ الۡغَیۡبِ وَالشَّهَادَةِ ایک برتن میں اس لکھے ہوئے اسم کو قدرے شہد ڈال کر دھوئیں اور پلادیں تو انشاءاللہ شفاء ہوگی۔ جمعہ کے دن سفید ریشم پر مع اضمار اس حرف کو لکھکر اسے انگوٹھی کے نیچے رکھ لیں تو تمام لوگوں میں محبت اور قبول عظیم ہو۔ اگر اس کے اعداد و اضمار کو نیلے ریشم پر الٹا لکھکر موم اور کلونجی کی دھونی دیکر اور اضمار پڑھکر اس کے اوپر دم کرکے جس جگہ کو ویران کرنا ہو وہاں دفن کردیں تو وہ جگہ ویران ہوجائے گی۔ اس کی خلوت کی ترکیب یہ ہے

کہ حرف عَ لکھکر اپنے سر سے باندھو اور ریاضت میں مشغول ہو جاؤ، عود اور عنبر روت کا بخور روشن کرو تو انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔ حرف عَ کا نقش اور دعوت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عَلِّمْنِیَ اللّٰھُمَّ عِلْمًا عَلَّمْتَہٗ لِاَوْلِیَاءِکَ وَاَلْھِمْہُ لِیْ فِیْ قَلْبِیْ وَاَنْفَعْنِیْ بِہٖ کَمَا نَفَعْتَ الْخَوَاصَّ مِنْ خَلْقِکَ فِیْکَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ التُّکْلَانُ۔ اَللّٰھُمَّ الْطُفْ فِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ حَتّٰی اَسْتَعِیْنَ فِی الْعُلُوْمِ اسْتَجْرَجْتَھَا لِاَھْلِ طَاعَتِکَ وَعَافِنِیْ مِنْ ھٰذِہِ الزَّلَّۃِ وَتَعَطَّفْ لِیْ وَعَطِّفْ عَلَیَّ قُلُوْبَ الْمَخْلُوْقَاتِ یَا عَطُوْفُ یَا رَءُوْفُ یَا وَدُوْدُ سَخِّرْ لِیْ عَبْدَکَ خَادِمَ حَرْفِ الْعَیْنِ وَثَبِّتْ قَلْبِیْ لِمُخَاطَبَتِہٖ وَاَرْسِلْہُ لِیْ لِیُعَلِّمَنِیْ عِلْمَ اَوْلِیَائِکَ وَاَنْبِیَائِکَ الْکِرَامِ یَا عَلِیْمُ ۳ یَا حِیْنَ الْوَحَا یَا عَیْنُ بِتَلْمِیْعٍ وَعَقْدٍ وَعَیْنٍ وَعَنْقُوْعٍ اِعْمَلْ لِیْ مَا اُحِبُّ وَافْعَلْ لِیْ مَا اَمَرْتُکَ بِحَقِّ السِّرِّ الْعَیْنِیِّ عسوع وَبِحَقِّ الْاٰیَاتِ الْبَیِّنَاتِ اَجِبْ یَا خَادِمَ ھٰذَا الْحَرْفِ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکَ وَعَلَیْکَ وَاُقْسِمُ عَلَیْکَ اَیُّھَا الْعَوْنُ الْمُبَارَکُ بِسِرِّ عَظَمَۃِ اللّٰہِ وَاٰیَاتِہٖ وَاَسْمَائِہٖ وَبِحَقِّ مَنْ لَّہُ الْعِزَّۃُ وَالْجَبَرُوْتُ وَلَہُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی وَنُوْرُہٗ لَا یُطْفٰی وَعَرْشُہٗ لَا یَزُوْلُ وَکُرْسِیُّہٗ لَا یَتَحَرَّکُ اَلْوَحَا بِعِزَّۃِ اللّٰہِ اَلْوَحَا بِحَقِّ مَنْ یَّعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط لَہُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ الْعَظِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ہ اس کا اضمار یہ ہے۔

اَجِبْ یَا شَرَاھِیْلُ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکَ وَعَلَیْکَ بِحَقِّ یعظم عدنق

اردیف سبع یاہ یموہ عاطود وناوی انا اللہ ایبل اھلھاہ اَجِبْ وَتَوَکَّلْ اَلْوَحَا الْعَجَلَ۔ جب کوئی شخص حرف عین کے موکل کو بذریعہ بلائے تو موکل حاضر ہو کر عامل کی حاجت پوری کرتا ہے۔ خصوصاً علم صنعت کے مطابق یہ طریقہ رائج ہے۔

حرف فَ کے موکل کی تسخیر اور اسکے بیشمار فوائد

یہ حرف گرم تر ہے اور دو حرف کے درمیان ہے (جب قمر اپنی منزل میں ہو) تو اس حرف کو اس کے اعداد کے موافق لکھکر تمام قسم کے تیل سے دھو کر (جن میں ان حروف میں سے یہ حروف ہوں) آ، بَ، قَ، جَ، نَ، فَ، سَ فالج زدہ شخص پر اس کی مالش کرے تو سات مرتبہ کی مالش میں شفا ہو۔ جس بچّہ کی زبان نہ کھلی ہو اس کے لئے حرف "فَ" مع اضمار (جب قمر اس کی منزل میں ہو) لکھو اور بچّہ کے گلے میں ڈالو، زبان کھل جائیگی۔

کسی جگہ کی آگ بجھانے یا جلانے کا عمل اور حرف فا کا نقش اور دعوت

جس وقت خلوت کا ارادہ ہو، دعوت و اضمار اور حرف فا سات مرتبہ لکھو اور خلوت میں پاس رکھو موکل حاضر ہو بڑا کام جو تم چاہو انجام دے گا۔ اگر کسی خزانہ میں آگ لگی ہو اور وہ بجھتی نہ ہو تو اس حرف کی برکت سے بجھ جائے گی۔ اور اسی طرح روشن ہو سکتی ہے کہ اس حرف کو ٹھیکری پر (جب کہ قمر اس کی منزل میں ہو) مع اضمار لکھکر آگ میں ڈالو آگ جل اٹھے گی دعوت حرف فا اور شکل نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَامَنْ یَفْعَلُ
مَایَشَآءُ وَ یَخْتَارُ وَیَحْکُمُ مَایُرِیْدُ۔ لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ
لَارَادَّ لِحُکْمِہٖ وَلَامُعَقِّبَ لِقَضَآئِہٖ وَلَا یَحِیْلَ لِعَبْدِہٖ مِنْ مَعْصِیَتِہٖ
اِلَّا بِتَوْفِیْقِہٖ وَرَحْمَتِہٖ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ الْاَفْعَالَ الرَّبَّانِیَّۃَ وَ
الْاَنْوَارَ السَّاطِعَۃَ الرَّحْمَانِیَّۃَ یَامَنْ لَہُ الْاٰلَآءُ وَ النَّعْمَآءُ لَآ اِلٰہَ
اِلَّآ اَنْتَ ھَیِّیْٔ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ رُشْدًا وَ اَعْطِنِی الْاِجَابَۃَ یَارَبِّ فَلسوف
بِملسون یفضفر یلعو یوف سار یونف سلھوف بنورائیل فھو
فھوفلک رفیق الفوز بالجنات بخیوف فیلفوفتھشھوط ۲ شفا
۲ شفنتف ۲ شخنف ۲ شعیف ۲ شیحثوا سفیسعیسعسعصوف
یضعنفل جنس حسف بِاَمْرِکَ فاھانا فَاِنَّکَ سوہ ومورو طاوا مشی
ولا بَاْسَ فِیْ غَضَبٍ وَلَا فُتُوْرَ بِالْفَوْرِ الْقَآئِمِ ط اَلِفْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ
کَذَا اِفْعَلْ لِیْ کَذَا وَکَذَا اِلٰہَا اَلِفْ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ
الْعَظِیْمِ۔ بخور اس کا فلفل اور دھنیا ہے۔ اور اس کا اضمار یہ ہے۔ اَجِبْ
یلسمطسطائیل بحق سلطف سطیطال کیطم لطم لطش ۲۳ ھنک
اَجِبْ وَاکْشِفِ الْحِجَابَ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ اَلْعَجَلَ اَلْوَحَا السَّاعَۃَ ط

حَرف صٓ کے خواص اور نقش اس کے مؤکل کی تسخیر معاش میں خیر و برکت اور موذیوں سے حفاظت

(صٓ اسم اعظم کے حروف میں سے ہے)

اس کی بہت سی خاصیتیں ہیں۔ اگر یہ حَرف ریشمی کپڑے پر مع اسم مؤکل اور اضمار لکھکر اس کو انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھکر پہنے تو معیشت میں خیر و برکت ہو اور موذیوں سے حفاظت رہے۔ یہ حرف جٓ کے مانند تصرف کرتا ہے۔ جب خلوت کا قصد ہو تو ہر نماز کے بعد ۷۰۰ مرتبہ دعوت اور اضمار پڑھکر یہ الفاظ پڑھو۔ اَجِبْ یَاخَادِمَ حَرْفِ الصَّادِ وَافْعَلْ لِیْ کَذَا کَذَا تو مؤکل حاضر ہوگا۔ اور جو اس کا ورد کرے اللہ اسکو اطاعت کی قوت دے گا۔

دعوت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط سَاَلْتُکَ یَامَنْ وَضَعَ الذِّلَّۃَ عَلٰی رِقَابِ عِبَادِہٖ فَھُمْ مِنْ سُلْطَانِہٖ خَائِفُوْنَ یَامَنْ تَضَرَّدَ بِالْعِزَّۃِ وَالْبَقَآءِ وَالْعَظَمَۃِ وَالْکِبْرِیَآءِ فَجَمَعَ خَلْقَہٗ مِنْ خِیْفَتِہٖ وَجِلُوْنَ وَدَاخِلُوْنَ تَحْتَ اَمْرِہٖ یَامَنْ اَوْلِیَآءُ ہٗ یَوْمَ الْفَزَعِ الْاَکْبَرِ اٰمِنُوْنَ۔ اَسْئَلُکَ یَاکَرِیْمُ بِالْقُدْرَۃِ الَّتِیْ نَظَرْتَ بِھَا اِلَی السَّمَآءِ فَارْتَفَعَتْ وَاِلَی الْاَرْضِ فَانْبَسَطَتْ وَاِلَی الْجِبَالِ فَانْسَطَحَتْ وَرَاَیْتَ اِلَی الْعُیُوْنِ فَتَفَجَّرَتْ وَاِلَی الْاَنْھَارِ فَجَرَتْ وَاِلَی الْقُلُوْبِ فَخَشَعَتْ وَوَجِلَتْ وَاِلَی الْاَلْسُنِ الْخُرْسِ فَنَطَقَتْ۔ قَالَتْ اَنْتَ

اللہُ الواحدُ القہّارُ اَنْ تکسُونی نورًا استَفِئُ بہٖ علی الکشفِ وَ اَنْ تُسَخِّرلی خادمَ حرفِ الصّادِ المَلَکِ سَمسَمائیلُ وَ بالاسمِ الکبیرِ السَّماوِیِّ اَصْرِفْہُ فی شُغلی بامرِکَ النّافذِ اُستُرلی بِکَدَمٍ وَلِسانٍ شَعرب مَحبوب زادَ عِشقَہٗ وَ ذَھَبَ مُعجّلٌ فی مُرادی، سلوہ لِخیرًا سئلکَ فلا یلزمنی ھوَ سیّدُ الاشیاءِ یا قعر یاہ ۲ وَمِن سِرِّ ھٰذہِ الالفاظِ وَ لِتسلیطِلمیط وَھیا بالفِ لاحولَ وَلاقوّۃَ اِلّا باللہِ العلیِّ العظیمِ۔ اور اضمار یہ ہے۔

اَجِبْ یا طعیلُ بِحَقِّ حطیح سع ستع علطح لبح یموہ سَلامٌ قَولًا مِن رَبٍّ الرَّحیمِ۔ اَجِبْ وافعَلْ کذا۔

حرف قٓ کے خواص اور نقش اس کے موکل کی تسخیر، دشمن مغلوب اور زبان بندی

حرف ق بہ معیّت اسمائے قافیہ جیسے قادرٌ قیّوم اور قاہر ریشم پر لکھ کر اگر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے جو سُرخ مثل یاقوت وغیرہ کے ہو رکھ کر پہنے تو قبولِ عظیم حاصل ہو گا۔ اس کی خلوت کا ارادہ ہو تو دعوت و اضمار بعد ہر نماز سَو سَو مرتبہ پڑھیں اور حرف ق کی شکل لکھ کر اپنے سر سے باندھے تو خادم حاضر ہو گا۔ اور حکم بجا لائے گا۔ عامل اس کو تنہائی میں آفتاب کی طرح روشن دیکھتا ہے۔ اور عامل کو لازم ہے کہ تنہائی میں قبلہ رُخ بیٹھے۔ اس کی دعوت یہ ہے۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُدْرَتُکَ اَللّٰھُمَّ قاھِرَۃٌ لِاَعْدائِکَ

وَقُوَّتُکَ فَھَیبَتُکَ قائمۃٌ اِلیٰ اولیائِکَ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ اَنْ تُقَبِّلَنی علیٰ شاطِی قُربِکَ وَ القُربِ اِلَیکَ یا اللہُ یا قریبُ قلبی قلقٌ حتّٰی یُلاقِی ما نُورَ بھجۃ وَ یَستَقِرَّ بِقافِ قُدرتِکَ وَ اَمِدَّنی بِقُوّتِکَ یا قَوِیُّ قُوَّتی بِقُدرتِکَ وَ قُوَّتِکَ القَوِیَّۃِ حَتّٰی تَغرُبَ اِلّا مَن لا یَغرُبُ بِرِضاکَ وَ رِفعتِکَ یا مقصودُ فتقرّبتُ اِلیکَ القافُ وَتَقَلَّقَتِ القافُ حتّٰی لایَستَقِرَّ بہٖ اَجِبْ یا کافُ وَ اَسرِع لِیَ الاِجابۃَ قَبلَ نُزولِ القَضاءِ وَالقُرآنِ المَجیدِ قَلیُو بالَ قلیلٌ مِن غیرِ قُنُوطٍ بالاِجابۃِ اَجِبْ وَ تَوَکَّلْ بِکَذا بِاَمرِ القاھِرِ القادِرِ المُقَھِّرِ بالقَھرِ وتفکفل یا قُلتُ قِف عَنِ السّلُووُنِ وَ اسکُن مِنَ الوُقُوفِ حَتّٰی تَقضِیَ حاجَتی وَ شُغلی تعفقبفٌ وسقوعہ ھرشق شفاق ھَیَّأً بالمُلکِ وَ المَلکوتِ وَ بِنَفعَۃِ اِسرافیلَ وَ قَبضَۃِ عِزرائیلَ وَصَبحَۃِ جِبرائیلَ وَ قَبضِ الاَرواحِ لاتَستَقِرُّ حَتّٰی تَقضِینی حاجَتی بِعِزَّۃِ اللہِ لِیَقضِیَ اللہُ اَمرًا کانَ مَفعُولًا ط سُبحانَ بِحُکمِ ما یُریدُ وَ اَنتَ بِنُورِ اللہِ مُستَقِرٌّ لَولا ما قُلتُ قِف قَلیلًا حَتّٰی نَریٰ مِنھُم قُدرۃً فی قُوَّۃِ اللہِ الحَیِّ القَیّومِ القَوِیِّ اَجِبْ وَ السَّلامُ عَلَیکَ وَرَحمَۃُ اللہِ وَ بَرَکاتُہٗ۔ اس کا بخور صنوبر ـــــ اور اضمار یہ ہے۔

اَجِبْ بِحَقِّ علطک عطلق مھفیط علج یاہ یموہ قھریوہ اَجِبْ وَافعَلْ کَذا۔

حرف ر کے مؤکل کی تسخیر درختوں پر پھل لانا

حرف ر پانچوں درجوں میں

سرد ہے۔ دردِ سر پیدا کرتا ہے۔ خچر کی کھال پر اس کے عدد مراتب جس شخص کے نام سے لکھنا چاہو مع اس کی ماں کے نام کے پھر نیم کی لکڑی کے نیچے رکھکر اضمار پڑھتے رہو تو معمول کے سر میں درد شروع ہو گا۔ پڑھتے وقت قبلہ رُو بیٹھے۔ اگر اس حرف کو لکھکر تم اپنے پاس رکھو اور اسم یارحیم کی تلاوت بھی کرو تو رزق فراخ ہو۔ اگر حرف "ر" کو سیسہ کی تختی پر (جب قمر اس کی منزل میں ہو) لکھکر اپنے پاس رکھیں تو عجائباتِ قدرت مشاہدہ میں آتے ہیں۔

حرف ر کی دعوت بجالانے سے درختوں کے بارآور ہونے کا بھی فائدہ ہوتا ہے۔ اگر اس حرف کو اس گڑھے میں ڈال دیں جس سے درختوں کو پانی دیا جاتا ہے۔ تو درخت بہت جلد بڑھتے اور بارآور ہوتے ہیں۔ اس کی دعوت میں بہ شروط مقررہ داخل ہو کر دعوت پڑھنا شروع کرو تو اس کا مؤکل حاضر ہو گا۔ اس کے سینہ میں شگاف ہو گا۔ جب یہ مؤکل تمہارا تابع ہو گا۔ جس مرگی کے مریض کی طرف اشارہ کرو گے وہ صحت پائے گا۔ اس کے مؤکل کا نام دھرقائیل ہے۔ حرف "ر" کی دعوت اور اس کا نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
رَبِّ اَسْئَلُكَ مَدَدًا رُوحَانِیًّا
تُقَوّٰی بِہٖ قُوَایَ الْجُزْئِیَّۃُ وَالْکُلِّیَّۃُ
حَتّٰی اَقْھَرَ نَفْسَ کُلِّ جَبَّارٍ فِی

اَلْکُلِّیَّاتِ وَالْجُزْئِیَّاتِ حَتّٰی تَصِیْرَ نَفْسِیْ نَفْسِیَّۃً فَتَفِیْضُ اِلَیْھَا دَقَائِقُھَا اِنْقِبَاضًا یَسْقُطُ بِھَا قُوَایَ حَتّٰی لَا یَبْقٰی فِی السُّکُوْنِ ذُوْرُوْحٍ اِلَّا وَالنَّارُ اَخَذَمُھَا بِظُھُوْرِھِمْ کَقَوْلِكَ یَا عَزِیْزُ تُسَخِّرُ لِیْ خَادِمَ حَرْفِ الرَّایِ وَسِرِّ خَاصِیَّتِہٖ حَتّٰی اَقْضٰی بِھَا شُغْلِیْ وَاوِیْ وَاُمُرُ دِیْنِیْ یَا اَللّٰہُ یَا قَوِیُّ یَا ذُوالْقُوَّۃِ وَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَا ھَادِیْ یَا نُوْرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یھوہ ۲ یموہ ۲ رھیا شرھیا اوذنای اہ مباؤن ال شدای یھوہ ۲ یاہ ۲ ھوھی ۲ وجھتی وجاھی شاشاھیا بھیایا یا الله الالھہ الرَّفِیْعُ جلالہٗ ھیا یاربالا لاجلۃ بالف لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اور اس کا اضمار یہ ہے۔ اَجِبْ اَیُّھَا السَّیِّدُ ھَرْیَائِیْلُ بحق سطبق حیوم قیوم رؤف ۲ لھلیخ یموہ ۲ یاہ ۲ الوحا العجل ۵

حرف ش کے خواص اسکے مؤکل کی تسخیر و دشمنوں میں صلح و عزت و وقار کا حصول

حرف ش دشمنوں میں صلح کرانے کے لئے بہت خوب ہے۔

اچھی ساعت میں مطلوب کا نام مع اضمار لکھکر اپنے پاس رکھیں تو مقصد حاصل اور بغض کے لئے معکوس اضمار کے سیسہ کی تختی پر لکھکر کسی جگہ دفن کر دیں۔ اگر اس حرف کو کوئی شخص مع اسمار شبینہ جیسے شہید و شاہد وغیرہ لکھکر اپنے پاس رکھے تو ہیبت و عزت نصیب ہوتی ہے خلوت اس کی ۲۸ دن ہیں۔ عامل دعوتِ اضمار پڑھتا رہے یہاں تک کہ خادم حاضر ہو اس کا نام حرویائیل ہے۔ حرف شین کی دعوت اور

نقش یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط
اَشۡمِلۡنِیۡ اَللّٰھُمَّ بِلُطۡفِكَ بِالنِّعَمِ
السَّوَابِحِ کَمَا تَفَضَّلۡتَ عَلٰی خَلۡقِكَ
بِالۡاٰلَآءِ وَالنَّعۡمَآءِ وَاَنۡ تَحۡدَبَ
لِیۡ خَادِمَ حَرۡفِ الۡبَاءِ الشَّیۡنِ اُصَرِّفُهٗ فِیۡمَا اُرِیۡدُ مِنۡ مَّصَالِحِ
تَفَضَّلۡتَ بِهَا عَلَیَّ اَللّٰھُمَّ بِتَصۡرِیۡفِ التَّوۡفِیۡقِ وَالۡعَمَلِ وَزِیَادَةَ
الۡعَقۡلِ ھَیَّا بَا ش سما م بسا بھین شھر یا بحقّ سھا عَجِّلۡ
لِیۡ بِسِرِّ الۡمَلِكِ الۡعَظِیۡمِ بِحِفۡظِ الرِّیۡحِ وَبِحَقِّ مُوۡسٰی وَعِیۡسٰی و
ذی الۡکِفۡلِ وَاَیُّوۡبَ وَمُحَمَّدِنِ الۡمُصۡطَفٰی عَلَیۡهِ السَّلَامُ شف
شَفی۔ شف شعبشف اَجِبۡ یَا شِیۡنُ بِرَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ اور اس کا
اضمار یہ ہے۔ عدحص ۲ طلحیا س ۲ وَاَجِبۡ اِفۡعَلۡ کَذَا۔

حرف تا کے خواص، احتلام کا علاج نیز مکان خالی کرانے کا عمل

اس حرف کا مزاج موت کا سا ہے۔ یہ لیٹا ہوا الف ہے۔ اس کے خواص یہ ہیں۔ اگر کسی کو خواب میں احتلام زیادہ ہو تو اس حرف کو اس کے عدد کے مطابق مع اضمار اور آیت لکھکر جس کے مکان میں ڈالو وہ شخص بہت جلد یہ مکان چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔ اس حرف کو کچھوے کی پُشت کے پیالے میں لکھکر مریض دردِ معدہ کو پلائیں تو درد جاتا رہے گا۔ زبان بندی کیلئے لکھکر دہلیز میں دفن کردیں یا پانی میں گھول کر پلادیں تو

جب وہ شخص بات کرنا چاہے گا تو اندر سے قلب بند ہو گا اور بات کرنے پر قادر نہ ہوگا۔ ریاضت اس کی ۲۸ دن ہے۔ اس کے مؤکل کا نام نویائیل ہے۔ جس کا نور آفتاب کی مانند ہے۔ اضمار و دعوت پڑھکر اس کا بخور روشن کرے۔ اور دعوت اس کی یہ ہے۔ اور اس کا نقش یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط تَوَسَّلۡتُ اِلَیۡكَ
یَا سَیِّدُ السَّادَاتِ یَا مُحِیَّ
الۡعِظَامِ الرِّمَاتِ یَا بَاعِثَ الۡاَمۡوَاتِ
یَا بَاسِطَ الۡاَرۡضِیۡنَ وَیَا رَافِعَ السَّمٰوٰت
یَا کَاشِفَ الۡکَرَبَاتِ بِجَاهِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ الۡمُجۡتَبٰی
الۡمَخۡصُوۡصِ بِالشَّفَاعَةِ الۡعُظۡمٰی اَنۡ تُسَخِّرَ لِیۡ خَادِمَ ھٰذَا الۡحَرۡفِ
بَقۡضِیۡ حَاجَتِیۡ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔ اَجِبۡ اَیُّهَا الۡخَادِمُ
بِھٰذَا الۡحَرۡفِ بَارَكَ اللّٰہُ فِیۡكَ وَعَلَیۡكَ یَا تَوَّابُ ھَیَّا سَیَعۡلَمُوۡنَ
۲ مھیوت ۲ سُبۡحٰنَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ مَا اَعۡظَمَ شَانُكَ وَلَھُوۡبُ
سُبۡحٰنَكَ مِنَ الۡبَحۡرِ سَدَّ اِلَیۡكَ کَفٰی وَمَنۡ اِسۡتَعَانَ بِكَ نَجَا اَللّٰھُمَّ
اَقۡضِ حَاجَتِیۡ بِالۡفِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ
اضمار یہ ہے۔ اَجِبۡ اَیُّهَا الۡمَلِكُ مَرۡعَیَا ئِیۡلُ بِحَقِّ سرھیل
صفیل طرسم طاہ یحوہ لواب العجل الوحا ھَیَّا بَارَكَ اللّٰہُ
فِیۡكَ وَعَلَیۡكَ اٰمِیۡن۔

حرف ث کا نقش اور اسکی دعوت فوائد کثیرہ

حرف (ث) بخار کے مریض

کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر اسکو چاندی کی تختی پر مع اضمار لکھکر مریض پہنے یا دھو کر پیئے، تندرست ہو جائے گا۔ یہ حرف الف کے مانند کرتا ہے۔ اس حرف کو اپنی ہتھیلی پر لکھکر اضمار و دعوت پڑھو اور جس شخص کے سینہ پر دم کرو تو وہ تمہارا عاشق ہو جائے گا۔ اور اگر اس کو کسی شخص کے نام کے ساتھ لکھے اور اضمار پڑھے تو وہ شخص مطیع ہو جاتا ہے۔ احکام اور دولت مندوں کو مطیع کرنے کی اس حرف میں پوری تاثیری قوت ہے جب اس حرف سے کام لینا چاہو تو اس کا خادم تمام کام پورا کر دیگا۔ اس کی دعوت و اضمار ۱۴ دن پڑھیئے۔ تب خادم حاضر ہوتا ہے۔ بخور اس کا لہسن کے بیج ہیں جو سرکہ میں ڈالے گئے ہوں۔ ۱۴ دنوں تک بروقت تلاوت انھیں جلائے مقصد حاصل ہوگا۔ حرف ث کا نقش اور اس کی دعوت و فوائد کثیرہ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

نُثَبّتُ قُدُ رَتَکَ اَللّٰھُمَّ وَجُوۡدُکَ فِیۡ اِقۡدَامِ الۡقَدَمِ مِنۡ غَیۡرِ کَیۡفٍ وَلَا لَشُبۡہٍ خَلَقۡتَ النُّطۡفَۃَ وَالۡعَلَقَۃَ وَالۡمُضۡغَۃَ وَکَسَوۡتَ الۡعِظَامَ لَحۡمًا ط وَاَخۡرَجۡتَ الطَّبۡعَ فِی النَّفۡسِ فَجَعَلۡتَ الشَّمۡسُ مُنۡقَادَۃً اِلٰی مَا انۡجَذَبَتۡ اِلَیۡہِ بِانۡتِخَابِ الۡاَمۡرِ وَالۡاِئۡتِمَارِ ثَلَاثَ تمال ثنورث تارمھجتی بِسِرِّ طَبۡعِ السَّیۡرُ فِی الۡقَلۡبِ اَجِبِ الۡاَمۡرَ یَا خَادِمَ حَرۡفِ الثَّاءِ بِحَقِّ فَالِقِ الۡحُبِّ وَالنَّوٰی وَجَاعِلِ اللَّیۡلَ سَکَنًا وَّالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ حُسۡبَانًا ذٰلِکَ تَقۡدِیۡرُ الۡعَزِیۡزِ الۡعَلِیۡمِ ط

اور اضمار یہ ہے۔ اَجِبۡ الۡخَادِمَ حَمۡیَائِیۡلِ بِحَقِّ لیالید لیدرس طمعت

اِنَّمَا اَمۡرُہٗ الخ پڑھکر خلوت میں داخل ہو اور اپنی حاجت طلب کرے تو انشاء اللہ پوری ہو گی۔

حرف خ کے خواص اور دشمنوں کے مجمع کو منتشر کرنا کہیں سے خرید و فروخت بند کرنا، کسی کو ڈرانے کا عمل

حرف خاء نقطہ دار طبعًا آبی

اور سرد و تر ہے۔ اگر اس کو کوری ٹھیکری پر مع اضمار معکوس لکھو اور نالی کے گندے پانی سے دھو کر لوگوں کے مجمع میں چھڑک دو، تو لوگ متفرق ہو جائیں گے۔ اگر سیسہ کی تختی پر لکھکر کسی جگہ دفن کر دو تو خرید و فروخت وہاں سے بند ہو جائے گی۔ اور اگر اس کو اپنی ہتھیلی میں لکھکر اضمار پڑھکر مٹھی بند کر لو اور جس کو ڈرانا ہو اس کے سامنے جاکر کہو اے فلاں "خوف کر" پھر اس کے آگے مٹھی کھول دو تو وہ تم سے خائف رہے گا۔ حرف خ کی دعوت اور اس کا نقش مع خواص۔ دعوتِ حرف خاء یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

خَلِّصۡنِیۡ اَللّٰھُمَّ مِنۡ کُلِّ ھُمُوۡمِ الدُّنۡیَا وَخُذۡ بِنَاصِیَتِیۡ اِلَی الۡخَیۡرَاتِ یَا خَفِیُّ یَا عَالِمُ خَفِیِّ الۡاَمۡرِ وَھُوَ عَالِمُ خَفِیِّ الۡاَمۡرِ وَھُوَ عَالِمٌ بِہٖ اَسۡئَلُکَ یَا خَبِیۡرُ بِمَا فِی الضَّمَائِرِ اَنِلۡنِیۡ السَّعَادَۃَ وَدُلَّنِیۡ الۡاِرۡشَادَ فِیۡ اَمۡرِیۡ یَا خَبِیۡرُ اَسۡئَلُکَ اَنۡ تَکۡسُوۡنِیۡ نُوۡرًا اَشۡھَدُ بِہٖ عَلٰی سِرِّ الۡخَاءِ حَتّٰی اَقۡضِیۡ حَاجَتِیۡ یَا خَبِیۡرُ ھَیَّا ۲ اَلۡعَجَلَ عَجِّلۡ یَا خَاءُ بِالۡخَاتِمُ الۡخَلۡمُوۡنِیۡ خیرم اَسۡئَلُکَ اَنۡ تُمِدَّنِیۡ بِخَادِمِ حَرۡفِ الۡخَاءِ

وبخیر من خلقک یا من یعلم السر والخفی اللہ لا الٰہ الا ھو
لہ الاسماء الحسنیٰ وبالف لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی
العظیم۔ اور اضمار یہ ہے۔ اجب بحق ھو طیال عیوط الاوکس
وکس خنجح ۲ خفج یاہ یموہ الوحل العجل الساعۃ
حرف خ میں ہر قسم کی تاثیر موجود ہے۔

حرف ذ کے خواص کثیرہ اور بیشمار فوائد مع نقش اور غصہ کا علاج!

حرف (ذ) لکھکر جسے کھلاؤ اُسے میٹھا معلوم ہو

اگر کسی کو طلب کرنے کا ارادہ ہو تو سفید ریشم پر اس حرف کو مع اسماء مطلوب و مادر لکھکر (جب قمر اس کی منزل میں نہو) اس کی بتی سی بنا کر کورے چراغ میں روشن کرو اور اضمار پڑھتے رہو تو مطلوب حاصل ہوگا۔ اگر کسی کی عقل خراب کرنا ہو تو اس شخص کی شکل بنا کر اُس پر حرف ذال لکھکر اس کے گھر میں ڈال دو تو اس شخص کی عقل ماری جائے گی۔ اس حرف کو غصہ اور ریاس دور کرنے کے لئے لکھکر اپنے پاس رکھنا مفید ہے۔ جب اس کی ریاضت کرنا ہو تو ہر نماز کے بعد خلوت میں ۱۰۰ مرتبہ دعوت پڑھو موکل حاضر ہوگا

دعوت اور نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لذ ذنی اللھم بتلاوۃ اسماءک
یارب تذللت بین یدیک
تذلل العبید المفتقدین
بالحاجات الیک وتلذذت

ذ ذ ذ
ذ ذ ذ
ذ ذ ذ
ذ ذ ذ

ذ ذ ذ
ذ ذ ذ
ذ ذ ذ
ذ ذ ذ

باسماءک تلذذ الاءک فی سری وجھری۔ اللھم سخرلی
خادم ھذا الحرف بحق ھذہ الاسماء ھی اھیاہ یکوہ
ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

حرف ضاد کے بے شمار فوائد، باعزت رہنے اور کسی کے گھر میں آگ لگانے کا عمل آسیب کا علاج ——!

حرف ضاد طبعاً سرد خشک ہے جو کوئی اُس کو ریشمی کپڑے پر مع اضمار لکھکر اپنے پاس رکھے، بارعب رہے گا۔ اور ہر شخص اُس کی بات مانے

مچھر، مینڈک جمع کر دینا

اس حرف کو لومڑی کی چربی سے اگر لکھکر کسی شخص کے گھر کی دہلیز میں دفن کر دو تو مچھر، پسّو، چوہیں اور مینڈک اس مکان میں بہت سے اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ اگر کسی مکان میں آگ لگانی ہو تو اس حرف کے خادم کو حکم کرو وہ آگ لگائے گا۔ اگر یہ کسی آسیب والے پر پڑھوگے، تو اس کا آسیب ہو جائے گا۔ حرف ضَ کا نقش یہ ہے۔

ض ض ض ض ض ض
ض
ض
ض
ض ض ض ض ض ض

حرف ظؔ کے خواص، موذی جانوروں کو جمع کرنا دشمنوں کو برباد کرنا، بچے ہر آفت سے محفوظ رہیں۔

یہ حرف ظاء، نقطہ دار مثل حرف طاء غیر منقوطہ کے تصرف کرنے والا ہے۔ اس کو کیکر کی لکڑی پر لومڑی کی چربی سے لکھکر جس گھر میں دفن کرو، سارے موذی جانور وہاں جمع ہو جائیں گے اور اگر اس حرف کو لکھکر بچوں کے گلے میں باندھو تو بلند ھو تو ہر آفت و بلاء سے حفاظت رہے۔ اور اگر اسکو مع اضمار معکوس طور پر سیسہ کی تختی پر لکھکر کسی گھر میں دفن کرو تو اس کے مکین متفرق ہو جائیں گے۔ یہ دعوت خلوت میں ۳۰۰ مرتبہ روز پڑھنے سے موکل حاضر ہو کر عہد و پیمان کرتا ہے۔ یہ حرف ہلاکت زمین میں دھنسانے اور قتل و بربادی کے کام دیتا ہے۔

حرف ظؔ کی نقشؔ اور دعوتؔ

ظ ظ ظ	ظ ظ ظ
ظ ظ ظ	ظ ظ ظ

حروف کی ذاتی خصوصیات

اپنے نام کے پہلے حرف سے اپنی شخصیت کا اندازہ کیجیے

الف

یہ حرف تمام حروف میں سب سے اہم اور بڑا ہے۔ اس حرف کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ باری تعالیٰ کے ذاتی نام کا پہلا حرف ہے۔ اور اسی حرف سے قرآن حکیم کی شروعات ہوتی ہے اور سب سے پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام کا نام بھی اسی حرف سے شروع ہوتا ہے اور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کا سرِ حرف بھی یہی حرف ہے احمد کے شروع میں یہی حرف ہے۔

یہ حرف کسی بھی معاملے میں سب سے اچھا یا سب سے بُرا ہو سکتا ہے۔ یہ حرف آزمائشوں سے وابستہ ہے یعنی وہ شخص جس کے نام کے شروع میں الف ہو یا وہ جگہ جس کے نام کے شروع میں الف ہو وہ طرح طرح کی آزمائشوں سے گذر سکتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ یہ حرف نام کے شروع میں یا نام کے کسی بھی جزء کے شروع میں ہو۔ مثلاً حسن احمد صدیقی۔ یہ نام تین اجزاء پر مشتمل ہے۔ ایک جزء کے شروع میں ح ہے۔ دوسرے جزء کے شروع میں الف ہے اور تیسرے جزء کے شروع میں ص ہے۔ چونکہ اس نام میں جو تین جزءوں پر مشتمل ہے اس کے ایک جزء کے شروع میں الف آرہا ہے اس لئے اس نام کی

شخصیت طرح طرح کے انقلابات اور آزمائش کا شکار رہے گی۔

ب

یہ حرف تقویٰ، کامیابی، اور بڑے بڑے کارناموں اور منصوبوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ جس نام کے شروع میں حرف ب ہوگا وہ نام کامیابیوں سے اور منصوبہ بندیوں سے وابستہ ہوگا۔ اور بہت سے مخفی رازوں سے وہ شخصیت وابستہ ہوگی جس کا نام ب سے شروع ہوتا ہو یا اس کے نام کے کسی بھی جزو کا پہلا حرف ب ہو۔

پ

یہ حرف قرآن حکیم میں موجود نہیں ہے۔ اس لئے بزرگوں کی رائے یہ ہے کہ اس حرف سے شروع ہونے والا نام نہیں رکھنا چاہئے۔ لیکن تجربات یہ بتاتے ہیں کہ یہ حرف ب کے ضمن میں آتا ہے اس لئے یہ حرف بھی سرفرازی، کامیابی اور کامرانی سے وابستہ ہے۔ یہ حرف اپنے اندر سچائی اور وقار رکھتا ہے۔ اگر یہ کسی بھی نام کے شروع میں ہو تو اس کی وفاداری، اور اس کی صداقت اظہر من الشمس ہوگی۔

ت

یہ حقیقت شناس اور باریک بیں حرف ہے۔ پستی کے بعد بلندی اس کی خصوصیت ہے۔ اس حرف سے جو نام شروع ہوتا ہے وہ نام بہت سی ٹھوکروں کے بعد کامیابی تک پہونچ جاتا ہے۔ زوال کے بعد عروج اس نام کا مقدر ہوتا ہے۔ ت سے شروع ہونے والے نام جدوجہد کے حامل ہوتے ہیں اور وہ شخصیات جن کے نام کا حرف اول ت ہو مجاہد قسم کے لوگ ہوتے ہیں لیکن ان کو کسی بھی منزل تک پہونچنے سے پہلے خود کو بہت سی ٹھوکریں کھانی پڑتی ہیں یہ بار بار گرتے ہیں سنبھلتے ہیں اور اس کے بعد انھیں عروج

نصیب ہو جاتا ہے۔

ٹ

یہ حرف بھی قرآن حکیم میں موجود نہیں ہے۔ یہ حرف آرپار کا حرف ہے۔ یعنی وہ شخص جس کے نام کا پہلا حرف ٹ ہو تو وہ آرپار والا شخص ہوگا۔ اِدھر یا اُدھر۔ یہ شخص منافقت سے دور ہوگا۔

ث

یہ مثبت پہلو رکھنے والا حرف ہے۔ میدان میں ڈٹ کر مقابلہ کرنا اس کی اولین کوشش ہے۔ یہ دولت سے مالا مال حرف ہے اس میں روحانی قوت بھی ہوتی ہے اور مادی طاقت بھی

ج

اس حرف میں بیک وقت کئی قسم کے کمالات پائے جاتے ہیں یہ حرف علم و ہنر سے مالا مال حرف ہے۔ یہ حرف بہادری، فتح، جرأت، طاقت، عظمت، ترقی، کامیابی، اور لڑائی جھگڑے، فساد اور شورش پسندی کا حرف مانا جاتا ہے یہ آبادی کا حرف بھی ہے اور بربادی کا بھی۔ یہ حرف بہت سے کمالات کے باوجود حالات کا تابع ہے۔ اور حالات کے ساتھ ساتھ یہ اپنی خوبیوں سے روشناس کراتا ہے۔

چ

یہ حرف بھی قرآن میں نہیں ہے۔ یہ حرف بہت تیز ترین حرف ہے۔ اس میں چستی اور چالاکی پائی جاتی ہے۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ اس میں بے بسی بھی ہے اور بے چارگی بھی۔ یہ بے سہارگی کا حرف بھی مانا جاتا ہے۔ اس حرف میں ظلم سہنے کی عادت ہوتی ہے۔ اس حرف کی اصلیت مظلومیت سے وابستہ ہے۔

ح اس حرف کی بہت سی خصوصیات ہیں۔ یہ دوسروں کے لئے رکاوٹ پیدا کرنے والا حرف ہے۔ یہ حرف خواہ مخواہ دوسروں کے کاموں میں حائل ہو جاتا ہے۔ یہ حرف اپنی خامیوں کی وجہ سے اپنے آپ کو برباد کرنے والا حرف ہے۔ اس حرف کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ دوسروں کی حمایت کرتا ہے۔ اور اس کے بدلے میں بہت کچھ پاتا ہے یہ حرف محبت کا متلاشی ہوتا ہے۔ لیکن یہ حرف حاسدوں کے درمیان زندگی گذارنے والا حرف ہے۔ اس حرف کے دشمن اس کے اپنے ہی گروپ میں اس کے خلاف پلاننگ کرتے ہیں۔ اس حرف کو رکاوٹوں کے باوجود عروج بھی نصیب ہوتا ہے۔ اور یہ حرف اپنی کوتاہیوں کی وجہ سے زوال پذیر بھی ہو جاتا ہے۔

خ اس حرف کی خصوصیات غلامی ہے۔ بے پروائی غیر ذمہ داری اس حرف کا خاصہ ہے۔ اس کی تقدیر بے سہارگی اور بے بسی ہے۔ اس حرف کو اگر کوئی مقام ملتا ہے تو اپنی بے لوث غلامی اور بے لوث خدمات ہی کی وجہ سے ملتا ہے اور اگر یہ حرف خدمت کی راہ چھوڑ کر کوئی دوسری راہ اختیار کرتا ہے تو اس کی تقدیر اس کو ٹھوکریں کھلاتی ہے۔

د اس حرف کی خصوصیات ترقی، شہرت، مقبولیت، کامیابی وقار اور سربلندی ہے۔ اس حرف کے اندر ظالمانہ پہلو بھی پایا جاتا ہے۔ اپنے سفّاکانہ رویّہ کے باوجود یہ حرف مقبولیت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

ذ یہ حرف پستی اور رسوائی میں گھرا ہوا حرف ہے۔ اس

حرف پر بہت زیادہ ذمّہ داریاں ہوتی ہیں۔ اگر یہ ان ذمّہ داریوں کو پورا کرلے تو کامیابیوں سے ہمکنار ہو جاتا ہے۔ ورنہ یہ پستی کے اندھے غار میں گرا دیتا ہے۔

ر اس حرف کو حکمرانی اور اعلیٰ مقام عطا ہوتا ہے۔ یہ اپنے منصوبے یا کارکردگی کی وجہ سے بے شمار لوگوں میں مشہور ہو جاتا ہے۔ یہ حرف بے شمار اہمیتوں کا حامل ہے یہ ایسے افراد کے لئے بھی خوش بختی کا ذریعہ بنتا ہے جو ازراہِ تقدیر بھٹکے ہوئے ہوں یا کسی بھنور میں پھنس چکے ہوں۔ یہ حرف سفر اور خوشیوں کی بھرپور نمائندگی کرتا ہے۔

ز یہ حرف بیک وقت لڑائی، غم، مصائب، فتنہ، جنگ، ظلم وستم کا شکار حرف ہے۔ یہ حرف دوسروں کی وجہ سے ملنے والے غموں کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ دَردِ دل، دردِ دماغ میں مبتلا کرنے والا حرف ہے۔ یہ حرف اپنے حامل کو طرح طرح کی رنجشیں عطا کرتا ہے۔

س اس حرف کو جھکنے کے بعد امن ملتا ہے۔ اور جب اس کو امن و امان مِل جائے تو یہ حرف کامیابیوں اور کامرانیوں کا حرف بن جاتا ہے۔

ش یہ حرف رہنمائی اور بڑائی کا حرف ہے۔ شہرت اور عزّت کے میدان میں اس حرف کو بڑی اہمیّت حاصل ہے۔ جب اس حرف کو م سے مقاربت ہو تو یہ ظلم وستم اور سفاکی کا حرف بن جاتا ہے۔ مَ سے مقاربت کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی کے نام میں ش سے متصل

م ہو تو یہ حرف اپنی صفائی کو ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً شمشاد۔ اس نام میں شین
کوم سے مقاربت ہے۔ وغیرہ۔

ص
یہ حرف نیکی، غلامی اور سچائی کا مظہر ہے۔ دوسروں کو تحفظ دینا بھی اس کی خصوصیت میں شامل ہے۔ خواہ وہ خصوصیت تحفظ یا طاقت کی ہو یا علم و معرفت کی ہو۔ اس حرف کا حق اور سچ کا گراف بہت بلند ہے مصیبتوں میں یہ حرف شاکر و صابر حرف ہے۔

ض
کمزوری اور ناتوانی اس حرف کی خصوصیت ہے۔ یہ حرف دوسروں کے رعب کا شکار رہنے والا حرف ہے اور دوسروں کے ظلم و ستم کا ہمیشہ نشانہ بنا رہتا ہے۔ یہ حرف اپنی کمزوری کے باوجود دوسروں کو نقصان پہونچانے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔

ط
یہ حرف طہارت پاکیزگی شہرت، مقبولیت اور عزت و ناموری کا حرف ہے۔ یہ دولت و فراوانی کا بھی حرف مانا جاتا ہے۔ یہ حرف اپنے حامل کو دوسروں کی نظروں میں معزز بناتا ہے اور اپنے ہم عصروں میں غیر معمولی مقبولیت اور شہرت عطا کرتا ہے۔

ظ
اس حرف کو خوش خبری دینے والا حرف تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ حرف ہر میدان میں ڈٹ سکتا ہے۔ یہ حرف اپنے اندر بہت ساری خوبیاں رکھتا ہے۔ اور ہر آڑے وقت اپنی پوشیدہ خوبیوں کو واضح کرتا ہے۔

ع
یہ حرف پسندیدگی کا مظہر ہے۔ یہ خصوصاً حق پرستی کی طرف مائل رہتا ہے۔ اس حرف کے اندر عبادت گذاری،

عظمت، بلندی بہت ہی زیادہ پائی جاتی ہے۔ اگر اس حرف کی ل سے مقاربت حاصل ہو جائے تو یہ علمی طاقت کو ظاہر کرنے والا بن جاتا ہے اور اگر اس کو الف سے مقاربت ہو جائے یہ پُراسرار طاقتوں کو ظاہر کرنے والا حرف بن جاتا ہے۔ طاقت اور بہادری بھی اس حرف میں شامل ہے ل سے مقاربت جیسے علی۔ الف سے مقاربت جیسے عام۔ وغیرہ۔

غ
یہ حرف دوسروں کو خوشی عطا کرنے والا حرف ہے۔ یہ حرف دوسروں کی خدمت، غلامی اور محکومیت کو پسند کرنے والا بھی مانا گیا ہے۔ اس حرف کے اندر غیرت و حیا کی جھلک بھی پائی جاتی ہے۔

ف
بیان بازی میں اہم مقام رکھتا ہے۔ بہادری اور فرمانبرداری بھی اس کی خصوصیات میں شامل ہے۔ بہت ہی نفیس قسم کے کمالات اس سے وابستہ ہوتے ہیں۔ یہ حرف صحیح کو صحیح اور غلط کو غلط کہنے والا حرف ہے۔ اور یہ حرف زبردست دوراندیشی اور بڑھے ہوئے فہم کو ظاہر کرتا ہے۔

ق
یہ عالمانہ وقار رکھنے والا حرف ہے۔ یہ ذہانت کی بھی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ طاقت کا سرچشمہ مانا جاتا ہے۔ یہ مسائل کو حل کرنے والا بھی ہے۔ اس حرف کی ایک خوبی یہ ہے کہ یہ کسی کی بے جا حکمرانی کو برداشت نہیں کرتا۔

ک
یہ علم، بلندی اور کامیابیوں کا حرف ہے۔ یہ حرف اپنے اندر بہت سی خوبیاں رکھتا ہے۔ اور ہر نازک موقع پر اپنے حامل کی زبردست امداد کرتا ہے۔ اور خود کو نقصان سے بچانے کی

صلاحیت بھی اس میں بدرجۂ اتم ہوتی ہے۔

گ یہ حرف قرآن حکیم میں نہیں ہے۔ بدکلامی -- اس کی خصوصیت ہے یہ اکثر نقصان سے دوچار ہونے والا حرف ہے۔ یہ حرف اپنی خامیوں کی وجہ سے نقصان اٹھاتا ہے۔ یہ حرف کسی بھی وقت بڑی ذلت سے ہمکنار کرا سکتا ہے۔

ل یہ حرف جنگ اور بدامنی کا مظہر ہے۔ برائی، بدسلوکی اور بدمعاشی اس کی خصوصیات ہیں۔ یہ بدامنی اور فساد پھیلانے والا حرف ہے۔ اگر اس کو مقاربت ع، الف یا ط سے ہو جائے تو اس کی تاثیر بدل جاتی ہے۔ پھر یہ نیکی اور سعادت کو ظاہر کرنے والا حرف بن جاتا ہے۔ ع سے مقاربت جیسے علی، الف سے مقاربت جیسے آلِ حسن ط سے مقاربت جیسے لطیف وغیرہ۔

م اس حرف کی خصوصیات رہبری عطا کرنا، ہدایت کرنا، رہنمائی کرنا، پاکیزگی، طہارت بھی اس حرف کی خصوصیات ہیں۔ م کا حرف بہت طاقتور اور محبّت پرست قِسم کا حرف ہوتا ہے لیکن یہ حرف اپنے اندر ایک طرح کی ضد بھی رکھتا ہے۔

ن حمایت، فتح اور پاکیزگی اس حرف کی خصوصیات ہیں۔ طاقت اور ترقی میں یہ حرف اہمیّت کا حامل ہے۔

و کمالات، رہبری اور عظمت سے بہرہ ور حرف ہے۔ اس حرف کی خصوصیات کا اطلاق اسکے بعد والے حرف کی خصوصیات پر ہوتا ہے

ہ اس حرف کی خصوصیات اہم کاموں میں شمولیت، اچھے کاموں کی طرف رغبت، ذمّہ داری اور منصوبہ بندی بھی اس حرف کی

خصوصیات میں شامل ہیں۔ یہ حرف پیچھے نہیں ہمیشہ آگے رہنا چاہتا ہے۔ یہ حرف کسی بھی طرح سے آگے ہی رہنے پر اکساتا ہے خواہ آگے رہنا جبر و اکراہ کے ذریعہ ہو۔

ی دعوے کرنا، تفریح کرنا۔ حمایت کرنا، تحقیقات کرنا اس حرف کی اہم ترین خصوصیات ہیں۔ بہادری، طاقت اور علم بھی اس کی خصوصیات میں شامل ہیں۔

ے بڑی ے میں چھوٹی ی کی خصوصیات کچھ شدت کے ساتھ ہوتی ہیں۔

نوٹ

کسی بھی ملک، شہر، بستی یا شخصیت کے بارے میں ایک جچا تُلا اندازہ کرنے کے لئے اس کے نام کے تمام حروف پر غور کرنا چاہئے پھر کوئی نتیجہ برآمد کرنا چاہئے۔ مثلاً اگر ہم امریکہ کی حیثیت جاننا چاہتے ہیں تو اس کے حروف کو الگ الگ لکھیں اس طرح ا م ر ی ک ہ کُل چھ حروف ہیں۔ امریکہ کا پہلا حرف الف ہے۔ الف اس مُلک کی بڑائی اہمیّت اور خودمختاری کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ حرف بڑی بڑی آزمائشوں میں بھی مبتلا کرتا ہے۔ دوسرا حرف م ہے۔ م دوسروں پر حکمرانی کو ثابت کرتا ہے اور دوسروں کو عطا کرنا اور اپنی بے پناہ قوت کو ظاہر کرتا ہے ر کا حرف حکمرانی اور شہرت کو ثابت کرتا ہے یہ حصار میں گھرے ہوئے لوگوں کی مدد کو بھی ثابت کرتا ہے۔ اور یہ حرف بے پناہ سیاسی قوت کی نشاندہی بھی کرتا ہے۔ ی کا حرف دعوے، تفریح اور تحقیقات کی

نشاندہی کرتا ہے ک۔ علم اور بلندیوں اور کامیابیوں کی علامت ہے
یہ حرف تمام کامیابیاں حاصل کر کے آگے بڑھنے اور آگے رہنے کیطرف
اشارہ کرتا ہے۔

اس صورتِ حال کے پیشِ نظر جو حروف کے ذریعہ ہمیں حاصل
ہوا ہے۔ امریکہ کے بارے میں یہ تاثر مِلتے ہیں کہ امریکہ ایک ایسا ملک
ہے جس کی اہمیت سب کی نظروں میں ہے جو اپنی چالاکی اور سمجھ داری
سے دوسروں پر حکمرانی کر رہا ہے اور اپنی بے پناہ قوت سے سب پر
اپنا تسلط جمائے ہوئے ہے۔ وہ ایک مشہور ترین اور مقبول ترین
ملک ہے۔ اور نئی نئی باتوں کی تحقیق کرنا اس ملک کی فطرت میں
شامل ہے۔ امریکہ علم وہنر کے اعتبار سے بھی نمایاں ہے اور اس کا مزاج
یہ ہے کہ اپنی بڑائی ثابت کرنے کے لئے یہ سب سے آگے جانے اور آگے
رہنے کی فکر میں لگا رہتا ہے اور خود کو آگے رکھنے کے لئے وہ بے جا طاقت
کے استعمال اور ظلم وستم کرنے سے بھی باز نہیں آتا۔

اسی طرح ہم کسی بھی شخصیت کے نام کے تمام حروف کو لکھ کر
ایک ایک حرف کی خصوصیت سے اس کی شخصیت کا اندازہ کر سکتے ہیں۔
مثلاً ہم قاری محمد طیب کے بارے میں معلوم کرنا ہے چونکہ قاری کا
لفظ نام کا جزء نہیں ہے اس لئے اس کو نظر انداز کر کے باقی حروف
کو الگ الگ پھیلائیں۔ م ح م د ط ی ب کل ۷ حروف ہوئے

م - پاکیزگی اور محبت کی علامت ہے۔ لیکن اس کا منفی پہلو
مذہبی ہے۔

ح - حمایت کی علامت ہے۔ یہ محبت کا متلاشی حرف ہے لیکن

یہ حرف حاسدوں میں گھرے رہنے کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔

م - م کی خصوصیت دوبارہ آنے کی وجہ سے دُگنی ہو جائے گی۔

د - شہرت ومقبولیت کامیابی سربلندی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔
منفی پہلو یہ ہے کہ اس حرف میں ایک طرح کی سختی بھی ہوتی ہے۔

ط - یہ طہارت، پاکیزگی، عزت وعظمت کی علامت ہے۔ یہ حرف
دوسروں کی نظر میں اپنا مقام بنائے رکھنے کی طرف اشارہ کرتا
ہے اور یہ دولت کی فراوانی کو بھی ثابت کرتا ہے۔

ی - علم اور تفریحات اس حرف کا خاصہ ہیں۔

ب - پرہیزگاری، منصوبہ بندی اور مخفی رازوں سے وابستہ حرف ہے۔

حاصل یہ نکلا۔ کہ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب محبت کرنیوالے
انسان تھے۔ لیکن اُن کی طبیعت میں کسی قدر ضد بھی تھی۔ یہ دوسروں کی
حمایت کرنے کے عادی تھے۔ اُن کی فطرت یہ بھی تھی کہ یہ محبت کے
جواب میں محبت چاہتے تھے۔ لیکن عمر بھر یہ اپنے حاسدوں کے درمیان
زندگی گذارتے رہے۔ ان کو اپنی زندگی میں شہرت بھی ملی مقبولیت
بھی اور بلندی بھی۔ یہ طبیعت کے اعتبار سے نرم اور اصولوں کے اعتبار
سے سخت تھے۔ لیکن اس سختی کو وہ اپنی حکمتِ عملی سے چھپالیا کرتے
تھے۔ حد سے زیادہ طہارت اور پاکیزگی اُن کے مزاج میں تھی۔ علم کی دولت
سے سرفراز تھے۔ اور سیر وتفریح اور سفر اُن کی زندگی کا حصّہ بنا ہوا تھا۔
پرہیزگار تھے۔ منصوبہ بندی اچھی کرتے تھے اور فطرت کے مخفی رازوں
سے آگاہ تھے۔

یہ حضرت قاری طیّب صاحب کی زندگی کا خاصّہ ہے۔ ایک بات یاد

رکھنے کی ہے کہ ہر حرف کی مختلف خصوصیات ہوتی ہیں اسی لئے ایک ہی نام کی خصوصیات الگ الگ بھی ہوتی ہیں۔ کسی شخصیت میں حرف کی کوئی خصوصیت ابھر کر سامنے آتی ہے اور کسی شخصیت میں حرف کی کوئی اور خصوصیت نمایاں ہو جاتی ہے۔ فہیم و ذکی انسان کسی بھی شخصیت کا اندازہ لگانے کے لئے حروف کی تمام خصوصیات کو پیش نظر رکھے گا تب ہی وہ شخصیت کی صحیح تصویر کشی کر سکے گا۔ اگر حروف تہجی میں جو حروف قمری بھی کہلاتے ہیں۔ ہم بڑی "ے" کو بھی گنیں جو بالعموم الگ سے ایک حرف سمجھی جاتی ہے تو حروف تہجی کی کل تعداد ۲۹ ہوتی ہے قرآن حکیم میں سورۂ رحمٰن کے اندر ربُّ العٰلمین نے ۲۹ ہی مرتبہ مختلف نقروں کا ذکر کر کے یہ فرمایا ہے۔ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ؀ تم اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ یہ ۲۹ کا عدد یہ ثابت کرتا ہے کہ ربُّ العٰلمین نے ۲۹ حروف پیدا کر کے تمام اچھائیاں اور تمام برائیاں ان ۲۹ حروف کے دامنوں میں سمیٹ دی ہیں۔

ختم شد